ABC Certified

مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

جمعرات 17 رجب المرجب 1444ھ 9 فروری 2023ء 27 ماگھ 2079ب (SR-53)

جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 167 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

چوہدری پرویز الٰہی سے سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان ملاقات کر رہے ہیں

PDM عمران خان کا الیکشن میدان میں مقابلہ کرنے سے خوفزدہ

چوہدری پرویز الٰہی

سیاسی مخالفین کو جھوٹے مقدمات میں گرفتار اور لاپتہ کیا جا رہا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی کی ملاقات

لاہور (نمائندہ ڈاک) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں گورنرز کی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 1)

چوہدری پرویز الٰہی کے گھر چھاپے امپورٹڈ سرکار اور ان کے سرپرستوں کی ننگی فسطائیت ہے

عمران خان کی مذمت

گجرات (مدثر اقبال سے) چیئرمین پاکستان تحریک (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 2)

چوہدری موسیٰ الٰہی کی ہائی کورٹ سے 15 فروری تک حفاظتی ضمانت

ن لیگی راہنما نے سیاسی بنیادوں پر مقدمہ درج کروایا، درخواست میں موقف

لاہور (نمائندہ ڈاک) لاہور ہائیکورٹ نے مسلم لیگی رہنما چوہدری موسیٰ الٰہی کی 15 فروری تک حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ بیرسٹر سلمان صفدر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 3)

لاہور: چوہدری موسیٰ الٰہی لاہور ہائی کورٹ میں حفاظتی ضمانت کیلئے پیش ہو رہے ہیں

خیر مقدم

مکمل اور بھرپور اعلان حمایت

چوہدری سالک حسین

وفاقی وزیر

چوہدری شافع حسین

مرکزی صدر کبڈی فیڈریشن

چوہدری ظہور الٰہی شہید کے جانشین، چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادوں

چوہدری شافع حسین - چوہدری سالک حسین

کے گجرات سے الیکشن لڑنے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں

ہم انکی انتخابی مہم بھرپور طریقے سے چلائینگے اور کامیابی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگے

عمران خان کیساتھ ڈٹ کر کھڑے گھبرانے والے نہیں

PTI دور میں ن لیگ پیپلز پارٹی، شہباز شریف دور میں تحریک انصاف پر مقدمات

اب یہ ہو رہا ہے کہ بندہ غائب ہو جاتا ہے، پھر ہفتہ دس دن بعد FIR درج ہوتی ہے، چوہدری مونس الٰہی

گجرات (مدثر اقبال سے) سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی نے سینئر صحافی وانکر پرسن حامد میر کے سوشل میڈیا پر جاری ٹویٹ جس میں لکھا گیا کہ عمران خان کے دور حکومت میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی والوں پر مقدمے بنتے تھے شہباز شریف کے دور میں تحریک انصاف والوں پر اور شیخ رشید پر مقدمے بن رہے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 4)

NA 70 سیٹ ایڈجسٹمنٹ فیصلہ کا پی ڈی ایم اتحاد کریگا

چوہدری قمر زمان کائرہ

تحریک انصاف نے ہمیشہ سہاروں کی سیاست کی، عمران خان کو اقتدار کا نشہ، جیل کی عادت نہیں

عمران خان نے آئی ایم ایف سے کیے معاہدوں سے انحراف کیا جس کی وجہ سے مشکل فیصلے کرنے پڑ رہے ہیں

لالہ موسیٰ (جمیل احمد چوہدری) بلتستان، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر راہنما وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت و چوہدری قمر زمان (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 5)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ کیا تھ سید صفدر وڈائچ، چوہدری مدثر لطیف شادی تقریب میں

نوابزادہ حیدر مہدی کا حلقہ کا دورہ ملاقاتیں

شادی تقریبات میں شرکت، درجنوں مقامات پر فاتحہ خوانی کی

گجرات (ارشد محمود سے) سابق صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ حیدر مہدی نے گزشتہ روز حلقہ بھر میں مصروف ترین دن گزارہ، درجنوں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 6)

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری ذیشان یونس کے ڈیرہ پر چوہدری کاشف، شاویز گونا موجود ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہ نواز اجنالہ کا درجنوں دیہات کا دورہ

ملاقاتیں، مشاورت، مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی

گجرات (آصف علی بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ کے راہنما و امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 31 ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ نے ڈیڑھ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 7)

نیک خواہشات کے ساتھ

علی سہیل رضی

مقدس یاسین بٹ

قذافی چوہدری

آندھیاں جبر و تشدد کی بہت تیز سہی
وہ دیپ تم ہو جنہیں جلنا ہے طوفانوں میں

خیر مقدم

مکمل اور بھرپور اعلان حمایت

مسلم لیگ (ن) کے جرأتمند نمائندے

عوامی حقوق کے محافظ

علی چوہدری وڑائچ کلاچور

امیدوار پی پی 32 جلالپور جٹاں

کے الیکشن لڑنے کے اعلان کا بھرپور خیر مقدم اور سنگ دھڑے کے ساتھ انکی الیکشن مہم کو ذاتی سمجھ کر چلائینگے

نیک خواہشات کے ساتھ

عدنان منیر (امریکہ)

ارسلان منیر (امریکہ)

خرم منیر (امریکہ)

ظہیر منیر (امریکہ)

محترمہ ثمیرہ الٰہی، چوہدری اشرف ماٹرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہی ہیں، طارق ماٹرہ، سفیان ماٹرہ، صفیہ جاوید، قاضی خالد سیف اللہ بھی موجود ہیں

محترمہ ثمیرہ الٰہی، ڈاکٹر محمود الحسن سے ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر گجرات اور نگزیب سدھو ایکسپریس وے، موٹروے لینک روڈ منصوبہ کی بریفنگ لے رہے ہیں

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہیں

راجہ سلامت علی

حکومتی سرپرستی میں سویڈن میں ایسے واقعات رونما ہو رہے ہیں، پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر اس کے خلاف احتجاج کرنا چاہیے

گجرات (نمائندہ ڈاک) پی ایل پی کے راہنما و سابق امیدوار برائے ایم این اے راجہ سلامت علی نے کہا ہے کہ سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور مقدس اوراق کو نذر آتش کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کفر کی طاغوتی قوتیں اسلاموفوبیا میں مبتلا ہیں۔ انہیں اس فوبیا سے نکالنے کے لئے اقوام عالم کو کردار ادا کرنا چاہئے۔ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

ہماری مقدس کتاب کی بے حرمتی دہشت گردی ہے

چوہدری خرم شہزاد

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی قابل مذمت، اسلامی ممالک کو مل کر اس پر سخت سفارتی نوٹس لینا چاہیے

گجرات (نمائندہ ڈاک) ممتاز سیاسی و سماجی راہنما چوہدری خرم شہزاد آف چک پنڈی نے کہا ہے کہ ہماری مقدس کتاب کی بے حرمتی دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور مقدس اوراق کو نذر آتش کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کفر کی طاغوتی قوتیں اسلاموفوبیا میں مبتلا ہیں۔ انہیں اس فوبیا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

محترمہ ثمیرہ الٰہی، صفیہ جاوید چوہدری، چوہدری محمد اسلم بٹوں، چوہدری راشد بٹوں سے اظہار تعزیت کے بعد رمضان بٹوں کیلئے فاتحہ خوانی کر رہی ہیں

صوفی عنایت مغل، عبداللہ مغل، احتشام دلدار چوہدری کو عمرہ ادائیگی پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

محترمہ ثمیرہ الٰہی، صفیہ جاوید چوہدری، ڈاکٹر محمود الحسن، مجتبیٰ حسین، انور حسین، عمر بٹ و دیگر کا گروپ فوٹو

پی سی بی کا باؤلنگ کوچ کیلئے سابق ٹیسٹ آل راؤنڈر یاسر عرفات سے رابطہ

یاسر عرفات قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ مکی آرتھر کے اسسٹنٹ کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دینگے

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے سابق ٹیسٹ آل راؤنڈر یاسر عرفات سے قومی ٹیم کے نئے بالنگ کوچ کی ذمہ داریاں نبھانے کیلئے رابطہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یاسر عرفات قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ مکی آرتھر کے اسسٹنٹ کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دینگے جبکہ مکی آرتھر کی عدم موجودگی میں وہ قومی ٹیم کے کوچنگ اسٹاف کے سربراہ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کیپ ٹاؤن پہنچ گئی

پاکستانی ٹیم اپنا پہلا میچ بھارت کے خلاف 12 فروری کو کھیلے گی

کیپ ٹاؤن (آن لائن) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت کے لیے کیپ ٹاؤن پہنچ گئی ہے۔ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ رواں ماہ کی 10 تاریخ سے شروع ہوگا۔ پاکستان اپنا پہلا میچ روایتی حریف بھارت (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)

2027 کا فٹبال ایشیا کپ سعودی عرب میں کھیلے جانے کی تصدیق

AFC اجلاس میں ایشیا کپ کی میزبانی کیلئے سعودی عرب نے پیشکش کی جبکہ بھارت پچھلے برس دستبردار ہو گیا تھا

ریاض (آن لائن) ایشین فٹبال کنفیڈریشن نے 2027 کا فٹبال ایشیا کپ سعودی عرب میں کھیلے جانے کی تصدیق کردی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اے ایف سی کے آفیشل اکاؤنٹ کے ذریعے 2027 کا فٹبال ایشیا کپ سعودی عرب میں کھیلے جانے کی تصدیق کی گئی۔ ایشین فٹبال کنفیڈریشن کے مطابق ایشیا کا سب سے باوقار ٹورنامنٹ (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)



عاصم رضا، افتخار مشوانی، نواز بٹ، احمد حسن مٹو، محمد داؤد مفتی، میاں ریاض، ملک حنیف، رؤف بھٹی، شیخ خالد، طاہر حنیف و دیگر نیوز پیشن انٹرنیشنل کے فٹبال فوٹو فیسٹیلیشن پروگرام کے تحت سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

آستانہ عالیہ غوثیہ فضلیہ گجیہ شریف میں ماہانہ محفل گیارہویں شریف کے موقع پر صاحبزادہ پیر فیضان الحسن بخاری قادری، صاحبزادہ پیر مبشر اعجاز، علامہ مظفر حسین، قاری شفقت اللہ خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر محمد یونس ساقی
کفر ہے ظلم کا سہنا مہر بہ لب رہنا..... حکم خدا کا لکھا ہے سپاہوں پر
ایڈیٹر کا مضمون نگاروں، کالم نویسوں اور مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں
ایڈیٹوریل
چیف ایڈیٹر، پبلشر، پرنٹر، پیشنر یونس ساقی
WWW.dailydak.pk

قرآن مجید کی حرمت و عظمت

پیر سید احمد حسین شاہ ترمذی

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید فرقان حمید میں ارشاد فرمایا ہے" بے شک ہم نے ہی اتارا ہے اس ذکر (قرآن مجید) کو اور یقیناً ہم ہی اسکے محافظ ہیں" (پارہ نمبر 14، سورہ الحجر، آیت نمبر 9)

حضور ضیاء الامت رحمتہ اللہ علیہ نے اس آیت کریمہ کی تفسیر کچھ یوں نقل فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بڑے خوبصورت اور زوردار الفاظ میں کفار کے اس اعتراض (قرآن کریم کلام الٰہی نہیں) کا ابطال فرمایا ہے۔" انا نحن نزلنا الذکر" میں تین مرتبہ ضمیر متکلم کا بیک وقت تکرار (انا نحن، نزلنا) جس تاکید بالائے تاکید پر دلالت کر رہا ہے وہ اہل علم سے مخفی نہیں اور ضمیریں بھی جمع متکلم استعمال ہوئیں جو نازل کرنے والے کی عظمت و کبریائی کا اظہار کر رہی ہیں یعنی ہم جو سارے جہانوں کے خالق و مالک ہیں، ہم جنکی فرمانروائی کا ڈنکا زمین و فلک، فرش و عرش پر بج رہا ہے، ہم نے ہی اسکو اتارا ہے اور ہم ہی اسکے نگہبان ہیں۔ اس میں کسی قسم کی تحریف یا کمی بیشی کا کوئی امکان نہیں" ای من التحریف والزیادہ والنقصان ولا یتطرق الیہ الخلل ابدا" آج چودہ صدیاں گزر جانے کے بعد اور دشمنانِ اسلام کی خواہشوں، کوششوں اور سازشوں کے باوجود قرآن مجید کی ایک آیت کریمہ میں بھی ردوبدل نہیں ہو سکا۔ ایک نقطہ کی کمی بیشی اور زیر و زبر کا فرق بھی تو نہیں ہوا۔ آج بھی لاکھوں انسان اسے اپنے سینوں میں محفوظ کیے ہوئے ہیں۔ اگر خدانخواستہ سارے لکھے ہوئے قرآنی نسخے نایاب ہو جائیں تو پھر بھی یہ جوں کا توں محفوظ رہے گا۔ اگر بڑے سے بڑا جابر حکمران اور کوئی بڑے سے بڑا عالم اسے پڑھتے ہوئے زیر کو زبر میں بدل دے تو سات آٹھ سال کا بچہ اسے ٹوک دے گا۔ آج دنیا میں کوئی ایسی کتاب نہیں جسکا مصنف یا جسکے ماننے والے اسکے متعلق یہ دعویٰ کر سکتے ہوں اور مذہبی صحائف جو دنیا کی مختلف قوموں کی عقیدت کا مرکز ہیں، انکے ماننے والوں کا بھی یہ دعویٰ نہیں کہ انکے مذہبی صحیفے ہر قسم کے ردوبدل سے پاک ہیں۔ صرف قرآن کریم کا یہ دعویٰ ہے "لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ" کہ باطل اس میں کسی جانب سے داخل نہیں ہو سکتا اور ان چودہ صدیوں کے طویل عرصے میں اسلام کا کوئی بدترین، بدخواہ بھی یہ ثابت نہیں کر سکا کہ اس میں کوئی تحریف ہوئی ہو، یورپ کے مستشرقین جنہوں نے اپنے وسیع علم، بیعدیل ذہانت اور طویل عزیز عمریں قرآن مجید کے اس دعویٰ کو غلط ثابت کرنے کے لیے صرف کیں، وہ بھی آخر یہ ماننے پر مجبور ہو گئے کہ یہ کتاب ہر قسم کی تحریف اور تغیر سے پاک ہے۔ میور (muir) سے بڑھکر اسلام کا بڑا دشمن کون ہو سکتا ہے۔ اسلام اور بانی اسلام کے خلاف اسکی زہر افشانیاں رسوائے عالم ہیں، اسے بھی آخر کار یہ لکھنا پڑا: اغلبا دنیا میں قرآن مجید کے علاوہ کوئی ایسی اور کتاب نہیں جسکا متن چودہ صدیوں تک ہر قسم کی تحریف سے پاک رہا"۔ (ضیاء القرآن ج 2 ص 531?532)



اسلام ایسا خوبصورت مذہب ہے جسکی خوبصورتی کی گواہی خود اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں یوں ارشاد فرمائی ہے" ان الدین عند اللہ الاسلام" اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے خوبصورت دین، دین اسلام ہے،، دین اسلام اور اس کے پیروکار نہ صرف اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ پر نازل شدہ کتاب قرآن مجید کا دل و جان سے ادب و احترام کرتے ہیں بلکہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام اور تمام آسمانی کتابوں کا بھی حقیقی معنوں میں ادب و احترام کرنا اپنے لیے فرض عین سمجھتے ہیں۔ اسلام کے ماننے والوں کے دلوں میں کسی بھی اللہ کے نبی اور کسی بھی آسمانی کتاب کی ذرا سی بے ادبی کا تصور تک نہیں، یہ ان مقدس ہستیوں اور مقدس کتابوں کے بارے میں ذرا سا خیال بھی اپنے لیے کفر سمجھتے ہیں لیکن دیگر مذاہب کے لوگ کبھی دین اسلام پر انگلیاں اٹھاتے نظر آتے ہیں تو کبھی پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرتے نظر آتے ہیں اور کبھی لاریب کتاب قرآن مجید کی بے حرمتی کر کے اسلام دشمنی کا اظہار کرتے نظر آتے ہیں۔ حال ہی میں سویڈن، نیدر لینڈ اور بھارت کے بد بختوں نے قرآن مجید کو جلانے کی گھٹیا اور بری جسارت کی ہے اور مسلمانوں کے دلوں کو ٹھیس پہنچائی ہے، ہم انکی اس گھٹیا جسارت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

میرے مرشد کریم حضور پیر محمد امین الحسنات شاہ صاحب مدظلہ العالی ایسے مواقع پہ فرماتے ہیں کہ جب دشمن قرآن مجید کو جلانے کی بری جسارت کرے یا ہمارے کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرے تو اپنے ملک کی اشیاء کو نقصان پہنچانے کی بجائے یہ پختہ ارادہ کریں کہ دشمنوں نے قرآن مجید کی بے حرمتی کی ہے ہم اس کے مقابلے میں اپنے دو تین بیٹے، بیٹیوں کو حافظ قرآن بنا دیں گے، دشمن قرآنی نسخے کو تو جلا سکتا ہے لیکن سینوں میں محفوظ قرآن کریم کو تو نہیں نکال سکتا اور اگر حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں بے ادبی و گستاخی کرے تو اولاد امجاد، عزیز و اقارب اور دوستوں کے دلوں میں عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی شمع فروزاں کرنے کی کوشش کریں یہ باطل اور انکی بری سازشیں خود بخود مٹ جائیں گیں۔ بارگاہ خداوندی میں دعا ہے کہ مولا کریم! ہمیں قرآن مجید کی تلاوت کرنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما آمین ثم آمین

درس قرآن ہم نے نہ بھلایا ہوتا
یہ زمانہ نہ زمانے نے دیکھایا ہوتا
وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر
ہم خوار ہوئے تارک قرآن ہو کر

جب دشمن قرآن مجید کو جلانے کی بری جسارت کرے یا ہمارے کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرے تو اپنے ملک کی اشیاء کو نقصان پہنچانے کی بجائے یہ پختہ ارادہ کریں کہ دشمنوں نے قرآن مجید کی بے حرمتی کی ہے ہم اس کے مقابلے میں اپنے دو تین بیٹے، بیٹیوں کو حافظ قرآن بنا دیں گے

ہم نے اسے (قرآن کو) نازل فرمایا اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں

سمیع اللہ

ہم نے اسے (قرآن کو) نازل فرمایا اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں

بے شک یہ ذکر (قران) ہم نے نازل فرمایا ہے اور بے شک ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔" (سورہ الحجر، آیت: 9)

اللہ رب العزت نے اپنے اس پاک کلام کو اپنے محبوب (تاجدار انبیاء) ہی کے سینہ پر نازل فرمایا اور پھر اسی پاک کلام میں اس کی حفاظت کی ذمہ داری بھی لی۔

بیشک کہ اس سے قبل نازل ہونے والی آسمانی کتب (تورات، زبور، انجیل اور صحیفے بھی) اللہ رب العالمین ہی کا کلام ہے اور اللہ نے اپنے انبیاء پر وقت بہ وقت نازل فرمایا لیکن قرآن پاک وہ واحد کتاب ہے جسے رب ذوالجلال نے اپنے محبوب مصطفیٰ ﷺ پر اپنے پسندیدہ دین کیلئے نازل فرمایا اور اسے اپنی حفاظت میں لیا۔ اس سے قبل کا آسمانی کلام اپنی اصل حالت میں محفوظ نہیں لیکن آج 1450 سال گزرنے کے بعد بھی قرآن مجید کی زیر زبر میں بھی تبدیلی نہیں آئی کیونکہ اس کی حفاظت پروردگار کے ہاتھ میں ہے جو کہ ہر چیز پر قادر ہے اور انشاء اللہ بروز قیامت تک یہ پاک کلام اپنی اصلی حالت میں محفوظ رہے گا۔

قرآن سے قبل کی آسمانی کتب اور کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اکرام علیہا السلام پر ایمان رکھنا اور ان کی عزت و محبت ہم مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہے۔ لیکن دوسری اقوام (یہود و نصاریٰ، عیسائی) یہ آئے دن کلام اللہ اور اللہ کے محبوب مصطفیٰ ﷺ کی بے حرمتی کر کے مسلمانوں کو کو تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

لیکن ایک بات سوچنے کی ہے کہ یہ اقوام، یہ بدبخت (یورپ، سویڈن، فرانس) جو خود کو بہت ذہین خیال کرتی ہیں اور پروردگار پر یقین بھی رکھتی ہیں (معاذ اللہ صرف رسول اللہ اور قرآن) سے انکار کرتی ہیں، وہ یہ کیسے سوچ سکتے ہیں کہ وہ کلام کہ جس کی حفاظت کا ذمہ اس ذات باری تعالیٰ نے لیا ہے جو ہر چیز پر قادر ہے تو پھر یہ کیسے اس کو نعوذ باللہ مٹا سکتے ہیں۔

اگر ایک طرف بات کی جائے تو المدینہ میوزیم ترکی کا وزٹ کر کے دیکھ لیا جائے، آج سے 1400 سال قبل صحابہ اکرام رضوان اللہ اجمعین کے ہاتھ سے لکھی آیت قرآنی کے پتھر محفوظ ہیں، عشرہ مبشرہ صحابہ کے ہاتھوں سے لکھے مکمل قرآن پاک بہت پیار و محبت سے حفاظت کے ساتھ رکھے گئے ہیں۔

یہ تو ایک چھوٹی سی مثال پیش کی، ورنہ صاحب قرآن کے سینوں میں جو قرآن محفوظ ہے، وہ تا قیامت یوں ہی ہوگا اور ذکر الٰہی کرتا رہے گا۔ اگر آج یہ بدبخت قرآن کے کاغذات کی بے حرمتی کر رہے ہیں، لیکن تا قیامت صاحب قرآن کے سینوں سے قرآن نہ نکال پائیں گے، بے شک کہ خود پروردگار نے اس کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔

ان واقعات پر دنیا کی بڑی پارٹیاں (اقوام متحدہ وغیرہ) اور ملک حکمران بھی دو الفاظ بول دیتے ہیں کہ (توہین قرآن و رسالت کی ندامت کی)۔ اس کے بعد اپنے ہی ملک میں دو، چار گروہوں کا چکر لگا کر بات ختم کر دی جاتی ہے۔ بے شک کہ ہر مسلمان اپنے حضور رحمت للعالمین ﷺ سے بے پناہ محبت کرتا ہے اور یہ بدبختیاں برداشت نہیں کر پاتا لیکن کچھ کر نہیں سکتا جس کی وجہ مسلمانوں میں بیاتحادی ہے اور اسی وجہ سے ان بدبختوں کو کوئی ڈر خوف نہیں۔ ابھی یہ ہم مسلمانوں پر فرض ہے کہ اپنے اتفاق و اتحاد کو بہتر کر کے اپنے قرآن و سنت، رسالت مآب ﷺ اور دین کی حفاظت کی جائے جو اللہ نے ہمارے سپرد کی ہے اور اس پسندیدہ دین کا رکن بنایا۔

یہ ابھی ہمارے سپرد ہے اور اس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، اگر کچھ نہ بھی کریں گے تو رب تعالیٰ کے اس پاک کلام کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا بے شک کہ وہی اس کی حفاظت کا اصل ذمہ دار ہے۔

دعا ہے کہ اللہ رب ذوالجلال امتِ مسلمہ میں اتفاق و اتحاد پیدا فرمائے اور انہیں اپنے دین و ملت کی حفاظت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اس سے قبل کا آسمانی کلام اپنی اصل حالت میں محفوظ نہیں لیکن آج 1450 سال گزرنے کے بعد بھی قرآن مجید کی زیر زبر میں بھی تبدیلی نہیں آئی

ہم قرآن کے حافظ بھی اور محافظ بھی



علامہ صدیق خالد چشتی
فاضل بھیرہ شریف

قرآن مجید کافروں، منافقین اور فاسقوں سے مخاطب ہو کر بہانگ دہل ان کا ابطال کرتا ہے اور انہیں اللہ کی شدید پکڑ اور جہنم کی آگ میں ڈالنے کی سخت ترین سزا دیئے جانے کا اعلان کرتا ہے۔ رب العالمین قرآن مجید میں مومنین سے دوٹوک کہتا ہے کہ کفر ایک فتنہ ہے اور اس فتنے کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے کافروں سے جنگ کریں تا کہ کرہ ارض پر صرف اللہ کا کلمہ ہی بلند رہے۔ قرآن مجید کے نزول اور اس میں دیئے گئے احکام جہاد کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی قیادت فرماتے ہوئے کفر کو للکارا۔ یہیں سے اسلام اور کفر، حق اور باطل کے مابین لڑائی شروع ہوئی اور قیامت تک یہ لڑائی جاری رہے گی۔ اس لڑائی کے دوران منافقین اور فاسقین کے ایک انتہائی گھٹیا رول ادا کیا جو آج تک بدستور جاری ہے۔ دو یوم قبل بھارت کی سرزمین سے ویم رضوی نام کا ایک دریدہ دہن ٹھا ہے اور اس نے بھارتی سپریم کورٹ میں قرآن عظیم کے خلاف اپنی یاوہ گوئی پر مبنی ایک درخواست دی ہے۔ اس ملعون کے علم میں ہونا چاہئے کہ قرآن مجید کی حفاظت کا انتظام اللہ رب العزت نے اپنے ذمے لے رکھا ہے۔ رب العالمین کا ارشاد ہے "انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون" (سورہ الحجر) ترجمہ ایقیناً یہ ذکر (قرآن) ہم نے ہی اتارا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے۔ یہ پہلی وہ آسمانی کتاب ہے، جس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے خود لیا، گویا اس کی حفاظت کے لیے یہ وعدہ الٰہی ہے اور قرآن کا اعلان ہے۔ بس اللہ نے اپنا یہ وعدہ سچ کر دکھایا۔ اور کتاب اللہ کی حفاظت کا حیرت انگیز انتظام کیا۔ اس طور پر کہ اس کے الفاظ بھی محفوظ، اس کے معانی بھی محفوظ، اس کا رسم الخط بھی محفوظ، اس کی عملی صورت بھی محفوظ، اس کی زبان بھی محفوظ، اس کا ماحول بھی محفوظ، جس عظیم ہستی پر اس کا نزول ہوا اس کی سیرت بھی محفوظ، اور اس کے اولین مخاطبین کی سیرت بھی محفوظ۔ الحمدللہ آج چودہ سو بتالیس 1442 (سال گذرنے کے بعد بھی اس میں رتی برابر بھی تغیر و تبدل نہ ہو سکا۔ دنیا بھر میں ملعونین کی طرف سے لاکھ کوششیں کی گئیں، مگر ان کی کوئی ایک ناپاک کوشش کامیاب اور کارگر ثابت نہ ہو سکی، اور نہ قیامت تک ہو سکتی ہے۔ رب العالمین کی جانب سے قرآن کریم کی حفاظت کا انتظام دیکھئے کہ کیسے کیا گیا۔ سب سے پہلے قرآن کی کا متن یعنی اس کے بعینہ وہ الفاظ جو اللہ رب العزت نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطے سے یا وحی کے کسی اور طریق سے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی، تو آپ فوراً کاتبین وحی میں سے کسی سے کتابت کروا لیتے، پھر صحابہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اقدس سے بھی اسے سنتے، اور جو تحریر کیا ہوا ہوتا، اسے بھی محفوظ کر لیتے، اس طرح 23 سال تک قرآن، نزول کے وقت ہی لکھا جاتا رہا، صحابہ نے اسے حفظ کیا، کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے حفظ کی بڑی فضیلتیں بیان کی۔ ایک روایت کے مطابق صحابہ میں سب سے پہلے حفظِ قرآن مکمل کرنے والے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ ہیں۔ یعنی رب العالمین نے قرآن مجید کو لفظ بلفظ یاد کرنے کا التزام کیا گیا اور اس طرح قرآن سینہ و سفینہ دونوں میں مکمل لفظا محفوظ ہو گیا، اور یہ سلسلہ نسل بعد نسل آج بھی جاری ہے، قیامت تک جاری رہے گا۔ دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دور خلافت سیدنا ابی بکر رضی اللہ عنہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں حفاظ صحابہ کی موجودگی میں قرآن مجید کو یکجا کر لیا گیا اور دور خلافت عثمان رضی اللہ عنہ ی قرآن مجید کے مختلف نسخے بنا کر کوفہ، بصرہ، شام، مکہ وغیرہ جہاں جہاں مسلمان آباد تھے بھیج دیے گئے، یہ تو تحریری صورت میں حفاظت کا انتظام قرآن نے اعلان کیا ہے۔ (ان علینا بیانہ) ترجمہ! اس قرآن کی تفسیر بھی ہم نے اپنے ذمہ لے لی ہے۔ ایک جگہ پر (جمعہ و قرآنہ) ہے، ایک جگہ ارشاد ہے (وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی) ترجمہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات اپنے جی سے نہیں کرتے، بلکہ وحی خداوندی ہی ہوتی ہے۔ گفتہ او گفتہ اللہ بود گرچہ از حلقوم عبداللہ بود اس پوری گفتگو سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ قرآن مجید کسی بھی تحریف سے ہر لحاظ اور ہر پہلو سے محفوظ ہے اور وسیم رضوی جیسے ملعونین کی یاوہ گوئی اللہ کی اس آخری اور مکمل اور کامل کتاب کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ حالیہ دنوں میں سویڈن اور ہالینڈ میں قرآن کے تقدس کو جو پامال کیا گیا ان جیسی حرکات سے کفار کبھی مقاصد تک نہیں پہنچ سکیں گے۔ مجید کے متن کی حفاظت کی، وہیں اس کے معنی و مفہوم اور مراد کی حفاظت کا بھی انتظام کیا، اس لیے کہ صرف الفاظ کا محفوظ ہونا کافی نہیں تھا، کیوں کہ مراد اور معنی اگر محفوظ نہ ہو، تو اس کی تحریف یقینی ہو جاتی۔ کتب سابقہ کے ساتھ کچھ ایسا ہی ہوا، کیوں کہ اس کے الفاظ اگرچہ کچھ نہ کچھ محفوظ رہے، مگر اس کے معانی و مفہوم تو بالکل محفوظ نہ رہے، اس لیے کہ انہوں نے اپنے انبیاء کرام علیہم السلام کے اقوال و افعال و اعمال کو محفوظ رکھنے کا کوئی انتظام نہ کیا، جس کے نتیجہ میں الفاظ محفوظ بھی کارگر ثابت نہ ہو سکے۔ مگر الحمدللہ سنت نبوی کے پورے اہتمام کے ساتھ قرآن کے معانی و مفہوم محفوظ چلا آ رہا ہے۔ یعنی رب العالمین نے احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ معانی و مفاہیم اور مراد الٰہی کو محفوظ رکھنے کا انتظام کیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی جو تفسیر کی، جسے تفسیر بالماثور کہا جاتا ہے، جس پر امام ابن کثیر اور بے شمار مفسرین نے تفاسیر لکھیں، اور ہر آیت کی تفسیر، حدیث رسول سے کر کے دکھائی، وہ درحقیقت اللہ ہی کی جانب سے ہے، کیوں کہ نبی

دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دور خلافت سیدنا ابی بکر رضی اللہ عنہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں حفاظ صحابہ کی موجودگی میں قرآن مجید کو یکجا کر لیا گیا اور دور خلافت عثمان رضی اللہ عنہ ی قرآن مجید کے مختلف نسخے بنا کر کوفہ، بصرہ، شام، مکہ وغیرہ جہاں جہاں مسلمان آباد تھے بھیج دیے گئے

ABC Certified

مظلوم کی آواز ——— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

جمعرات 17 رجب 1444ھ 9 فروری 2023ء 25 ماگھ 2079ب (SR-53)

جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 167 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

نگران حدود میں ہیں سارا گجرات چوہدری صاحبان کیسا تھ

چوہدری پرویز الٰہی، چوہدری مونس الٰہی کے گھر چھاپہ، بدترین انتقام، اس طرح کے اقدامات سے جھکایا نہیں جاسکتا

چوہدری پرویز الٰہی گجرات کے محسن ان کے ساتھ انتقامی کارروائی کو قبول نہیں کیا جائیگا، چوہدری اعتزاز بھٹی چک کالا

گجرات (وسیم گوندل سے) چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی (چک کالا) نے کہا ہے کہ چوہدری صاحبان کے گھروں میں برادران کے قریبی ساتھی متحرک مسلم لیگی پولیس چھاپے بدترین انتقامی کارروائی ہے ۔جھوٹے مقدمات ،چھاپے ،چوہدری صاحبان کا راستہ روکا نہیں جاسکتا۔انتقامی کارروائیوں کے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم شہباز شریف سے چوہدری عابد رضا کوٹلہ ملاقات کررہے ہیں

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے غیر مشروط طور پر مخالفین کو معاف کیا، حاجی اعظم چوہدری

مخالفین نے بھی صاف دل سے معافی مانگی اللہ تعالیٰ دونوں فریقین کو اس فیصلے پر استقامت نصیب فرمائے صلح اکٹھ سے خطاب

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) موضع دھکڑ میں چوہدری اعجاز احمد رنیاں امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 30، راجہ ذوالقرنین حیدر چیئرمین اسلام آباد و دیگر ہزاروں معززین کی موجودگی میں دھکڑ کے رہائشی مقدمہ قتل کے فریق حاجی محمد اعظم (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 8)

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری خلیل پرویز شاہ پور سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کررہے ہیں چوہدری نوید بہادر، چوہدری کاشف موجود ہیں

وزیراعظم میاں شہباز شریف سے چوہدری عابد رضا کی اہم ملاقات

معاون خصوصی بننے سے معذرت

میاں شہباز شریف نے چوہدری عابد رضا کی پارٹی خدمات کو سراہا، ملاقات میں سیاسی صورتحال، گوجرانوالہ ڈویژن کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

چوہدری عابد رضا نے وزیراعظم کے معاون خصوصی کا عہدہ لینے سے معذرت کرلی، ن لیگ کا ادنیٰ کارکن ہوں، عوام کی خدمت میرا مشن ہے: چوہدری عابد رضا

کوٹلہ ارب علی خاں (عابد مرزا بہ غفور احمد گل) صدر مسلم لیگ ن گوجرانوالہ ڈویژن وایم این اے چوہدری عابد رضا کوٹلہ کو وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے اہم ملاقات کی ، دوران ملاقات موجودہ سیاسی صورتحال، پارٹی امور، ضلع گجرات اور ڈویژن گوجرانوالہ سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ، وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے چوہدری عابد رضا کوٹلہ کو پارٹی خدمات پر وزیر اعظم (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 9)

چوہدری اعجاز رنیاں، چوہدری وقاص چوہان، راجہ ذوالقرنین حیدر، بنارس کراڑ ایوالہ، فیاض احمد چوہان کی کاوشوں سے دھکڑ میں حاجی چوہدری محمد اعظم، پوپلہ برادران کے درمیان راضی نامہ اکٹھ سے اعجاز رنیاں و دیگر خطاب کررہے ہیں

منڈیر تہر اقتل معززین کی کاوشوں سے فریقین کے درمیان راضی نامہ

چوہدری اعجاز رنیاں، وقاص چوہان، راجہ ذوالقرنین، چوہدری بنارس کی کاوشوں سے حاجی اعظم گجر نے پوپلہ برادران کو معاف کردیا

چوہدری فیاض چوہان، سید حبیب حیدر، چوہدری خالد، چوہدری سجاد احمد، چوہدری غفار و دیگر موجود تھے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) 3 2 فروری 2021 کو منڈیر کے قریب فائرنگ کے نتیجہ میں خاتون سمیت 3 افراد کے قتل کے اندراج مقدمہ کے 2 سال بعد فریقین معززین کی کوششوں سے راضی نامہ امیدوار برائے صوبائی چوہدری اعجاز احمد رنیاں چوہدری وقاص چوہان، راجہ ذوالقرنین حیدر چیئرمین اسلام آباد چوہدری بنارس کراڑ ایوالہ، چوہدری فیاض احمد (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 19)

ڈنگہ، یوٹیلیٹی سٹورز پر گھی اور آٹل کی شدید قلت، غریب خجل خوار

شہر بھر کے تمام یوٹیلیٹی سٹورز پر سستا گھی اور آٹل ناپید ہے غریب بے چارے مہنگا گھی خریدنے کی سکت نہیں رکھتے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) شہر کے یوٹیلیٹی سٹور پر گھی اور خوردنی آٹل کے شیلف عرصہ سے خالی۔غریب خریدار چکر لگا کر خوار۔مہنگا گھی خرید نہیں سکتے اور یوٹیلیٹی سٹورز پر سستا گھی اور آٹل ناپید ہے ۔خریداروں کا کہنا ہے کہ حکومت کم (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 20)

ضمنی الیکشن کیلئے تیار ہیں جلد این اے 70 میں مضبوط امیدوار سامنے آئینگے

حافظ سعد حسین رضوی کی ہدایت پر تحریک لبیک ضمنی الیکشن سمیت عام انتخابات میں بھی ضلع کے تمام حلقوں میں امیدوار نامزد کرے گی: مرزا شفیق آرزو

تحریک لبیک کی قیادت ہی ملک کو بحرانوں سے نکالے گی، اقتدار میں آکر نظام مصطفیٰ ﷺ کا نفاذ اور اس پر قانون سازی یقینی بنائیں گے

گجرات (مدثر اقبال) سے) تحریک لبیک ضلع گجرات کے امیر حافظ مرزا شفیق آرزو قادری نے کہا کہ این اے 70 ضمنی الیکشن میں تحریک لبیک بھرپور حصہ لیتے ہوئے مضبوط ،ایماندار، اچھی شہرت کے حامل امیدوار کو میدان میں اتارے گی اس حوالے سے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں ،انہوں نے تحریک لبیک (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 10)

چوہدری وجاہت حسین چوہدری حسین الٰہی کی قیادت میں چوہدری افضال اکبر چیچی کے مشن پر عمل پیرا

محمد اللہ سنگ دھڑے کے ساتھ پوری طاقت سے کھڑے، یونین کونسل چیچیاں شمس کو ترقیاتی کاموں کے لحاظ سے ماڈل بنا رہے ہیں: اقبال اکبر چیچی

ہمارے خاندان کا ہر فرد عوامی فلاح و بہبود کیلئے مصروف عمل ہے، انشاء اللہ عام آدمی کے مسائل کے حل کیلئے کسی اقدام سے گریز نہ کرینگے

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) سماجی شخصیت چوہدری اقبال اکبر چیچی نے کہا ہے کہ چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی کی قیادت میں چوہدری افضال اکبر چیچی کے مشن پر عمل پیرا ہیں عام آدمی کے مسائل کے حل کے لیے کسی بھی اقدام سے گریز نہیں کریں گے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 21)

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز ابتالہ گاؤں خانووال میں چوہدری عاصم امتیاز کی رہائش گاہ پر عمائدین سے ملاقات کے موقع پر

8 سے 10 فروری بارشوں کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک بھی ہوگی، پیشگوئی کردی گئی

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) محکمہ موسمیات نے آٹھ سے دس فروری کے دوران پنجاب کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 18)

کوٹلہ قاسم میں خواجہ غریب نواز کا 8 واں سالانہ عرس

محمد حسین وٹو، جمیل احمد طاہر، چوہدری اعجاز، قاری وحید شہزاد

عثمان عزیز و دیگر کی شرکت، زاہد علی، کاشف علی نے محفل سماع پیش کی

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) آستانہ عالیہ گلستان چشتیہ بستی اعوان گجر کوٹلہ قاسم خان میں 8 ویں سالانہ عرس خواجہ غریب نواز کے موقع پر امیدوار MNA حلقہ NA-70 محمد حسین وٹو۔ ضلعی صدر تحصیل پارٹی ضلع گجرات محمد یاسین وٹو۔سابق صدر (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 17)

نوابزادہ حیدر مہدی گاؤں دھکڑ میں فوجی محمد نواز کی ہمشیرہ کیلئے فاتحہ خوانی کررہے ہیں اشرف چیچی، ڈاکٹر الیاس، ذیشان یونس، شاویز گوندل و دیگر موجود ہیں

چوہدری علی وڑائچ کلاچور کا حلقہ میں مصروف دن، وفود سے ملاقاتیں

چوہدری اشرف سیکھو کے صاحبزادے کی نماز جنازہ میں شرکت، چک میرو میں ساتھیوں کے ہمراہ فاتحہ خوانی کی

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) راہنماء ن لیگ امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 32 چوہدری علی وڑائچ کلاچور نے حلقہ میں مصروف دن گزارا۔ ڈیرہ کلاچور پر مختلف عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں، مسائل سنے اور حل کی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 11)

ترکیہ اور شام میں زلزلے کی تباہ کاریوں پر دکھ ہے، محمد یونس

مشکل کی اس گھڑی میں ترک اور شامی بھائیوں کے ساتھ ہیں حکومت دونوں ممالک کیلئے امداد کا بندوبست کرے

لالہ موسیٰ (محمد منشاء بٹ) ترکیہ میں آنے والے شدید زلزلے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہیں ہم دکھ کی اس گھڑی میں اپنے ترکیہ بھائیوں کیساتھ کھڑے ہیں ان خیالات کا اظہار ممتاز (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 22)

وضاحت نامہ

ہمارا خاندان تقسیم ہند سے پہلے موضع باؤلی تحصیل سرائے عالمگیر میں آباد ہے صدیوں سے بابا گل محمد، بابا احمد خاں، بابا بگا خاں کی نسل ہزاروں کنال زمینوں کی مالک و مختار چلی آرہی ہے، 1924 سے 2023 تک 99 سالوں کا زمین ملکیت ریکارڈ ہمارے خاندان کے پاس موجود ہے، اللہ کے فضل و کرم سے آج تک ہمارے آباؤ اجداد اور ان کی نسلوں نے کسی بھی شخص کی زمین پر ناجائز قبضہ نہیں کیا اور نہ ہی کبھی ہم نے بدمعاشی، دھونس دھاندلی سے کسی کی زمین ہتھیانے کی کوشش کی ہے، ہمارے آباؤ اجداد اور ہمارا خاندان شرافت، محبت اور رواداری کے اصولوں پر قائم ہے

گذشتہ روز ہم بھائیوں کی تصاویر لگا کر ایک بے بنیاد، بوگس، من گھڑت پوسٹ سوشل میڈیا پر وائرل کی گئی ہے جس میں ہمارے خاندان کیخلاف قبضہ، فراڈ اور دھوکہ دہی کے جھوٹے الزامات لگائے گئے ،جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں اور متعلقہ حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے خلاف سوشل میڈیا پر بوگس، من گھڑت اور جھوٹا پراپیگنڈہ کرنے والے کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے

ہم شرافت، دیانت داری اور صبر پر یقین رکھتے ہیں، غیر اخلاقی حرکات اور کسی کی پگڑی اچھالنا ہمارا شیوہ نہیں اور نہ ہی یہ ہماری تربیت ہے، اگر کسی کو بھی ہم سے شکایت ہے تو محکمہ مال، عدالت، قانون کے دروازے کھلے ہیں وہاں ہمارے خلاف شکایت درج کرائے

ہم اللہ کے فضل سے قانونی طریقہ سے اس کا بھرپور جواب دینگے، مقامی سطح پر گاؤں کے بڑوں کی موجودگی میں بطور پنچائیت پر یا اور افہام و تفہیم سے مسئلہ پیش کرکے اس کا حل کیا جاسکتا ہے اس طرح سوشل میڈیا پر اوچھی حرکت کرنا اچھے لوگوں کو زیب نہیں دیتا، ہم گاؤں اور شہر کے ہر باعزت، معزز بڑے بزرگوں کا دل سے احترام کرتے ہیں

ہماری شرافت کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، ہمارے خاندان، برادری کے خلاف ایسی ہتک آمیز حرکات کو برداشت نہیں کیا جائے گا، ہم قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں

منجانب:

چوہدری ظہیر گجر

چوہدری توقیر گجر

چوہدری شبیر گجر

آف باؤلی تحصیل سرائے عالمگیر

"گجرات ڈویژن برقرار" تمام سیاسی جماعتیں فورمز ایک پیج پر

انشاء اللہ ڈویژن نوٹیفکیشن کسی صورت منسوخ نہ ہونے دینگے، شہری بھرپور حفاظت کرینگے

گجرات ڈویژن ہمارا حق، شہری ایک آواز بنیں، مخالفت کرنے والوں کا الیکشن میں بائیکاٹ کیا جائے، چوہدری ظفر اقبال وڑائچ

گجرات (وسیم گوندل سے) ممتاز ٹرانسپورٹر چوہدری ظفر اقبال وڑائچ (چوہدری ٹریولز لاری اڈا، گجرات) نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ گجرات کے ڈویژن کا درجہ برقرار رہنا چاہیے تمام سیاسی جماعتوں کو اس اچھے اقدام کو سپورٹ کرنا چاہیے چاہے کسی بھی جماعت یا کسی بھی سیاست دان نے اسے کیا ہو چوہدری (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 12)

سید تصور شاہ کی طرف سے مشاعرے میں ملک فضل کھل، چوہدری ندیم شہزاد کمال، چوہدری وقاص احمد خواجہ الیاس سمیت دیگر شریک

چوہدری حسن زبیر (عالم گڑھ) کی زیر قیادت زوالوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم UOG پوپٹس گالا میں شریک

ضمنی الیکشن چوہدری احسان کی برادری فیض الحسن شاہ کی حمایت

چوہدری بابر جاوید، چوہدری معظم رشید، چوہدری اصغر نے ن لیگ چھوڑ کر تحریک انصاف میں شمولیت کرلی

محلہ منظور آباد میں منعقدہ اکٹھ میں چوہدری منیر احمد نے برادری دھڑے سمیت سید فیض الحسن کی حمایت کردی

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) ضمنی الیکشن این اے '70 چک محمود میں چوہدری رشید احمد مرحوم کی فیملی ، چوہدری احسان، چوہدری بابر جاوید چوہدری معظم رشید ، چوہدری اصغر و دیگر کان لیگ کے چوہدری جعفر اقبال کو خیر باد کہہ کر پاکستان تحریک انصاف کے سید فیض الحسن شاہ کی حمایت کا اعلان اور آئندہ الیکشن میں سید فیض الحسن شاہ کا بھرپور ساتھ (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 13)

چوہدری احمد ندیم گجر سے ملک آفتاب صادق اظہار تعزیت کررہے ہیں

"جیل بھر تحریک" پارٹی ٹکٹ پر الیکشن لڑنے والے امیدوار گرفتاریاں نہیں دیں گے

لاہور (وقائع نگار) تحریک انصاف کی "جیل بھر تحریک (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 16)

چوہدری احمد ندیم گجر سے نوجوان صحافی ڈاکٹر قیصر چوہدری اظہار تعزیت کررہے ہیں

ڈنگہ سٹی پریس کلب انتخابات

مصطفیٰ آذر مصنف ایم شیراز جنرل منتخب، غلام سیکرٹری

سابق صدر نوید شہزاد مغل نے ممبران کا شکریہ ادا کیا، اجلاس میں خالد مغل، محمد شبیر بلہڑ، رانا احسن اقبال، رفاقت علی کالس سلطان علی، طارق محمود مہر، ڈاکٹر یاسر اعجاز، ڈاکٹر افضال، عبدالمجید مغل، باؤ نوید احمد سمیت دیگر نے شرکت کی

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) سٹی پریس کلب ڈنگہ کے سالانہ انتخابات ڈاکٹر غلام مصطفیٰ آذر صدر، ایم مصنف شیراز جنرل سیکرٹری منتخب تفصیل کے مطابق سٹی پریس کلب کا اہم اجلاس گذشتہ روز آفس میں ہوا جس میں تمام سینئر اور جونیئر (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 14)

ضمنی الیکشن، این اے 70 خالد محمود ریٹرننگ آفیسر مقرر

چوہدری فضائل اختر، سلمان اکبر، اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر مقرر کردیئے گئے

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) ضمنی الیکشن این اے '70 قومی اسمبلی کے حلقہ 70 گجرات تین کے ضمنی انتخابات میں خالد محمود (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 15)

آستانہ عالیہ گلستان چشتیہ بستی اعوان گجر کوٹلہ قاسم خان میں 8 ویں سالانہ عرس خواجہ غریب نواز کے موقع پر عمائدین کی کثیر تعداد شریک ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

سے قبل قانونی تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔ جسٹس شاہد کریم نے بیرسٹر علی ظفر سے استفسار کیا کہ بتائیں کس قانون کو فالو نہیں کیا گیا؟۔ بیرسٹر علی ظفر نے استثنیٰ منظور کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں عدالت کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ استثنیٰ منظور کرنے سے قبل قانونی تقاضے پورے نہیں کیے گئے، ارکان اسمبلی نے استثنیٰ منظور ہونے سے قبل ہی واپس لے لیے تھے، استثنیٰ واپس لینے کے بعد اسپیکر کے پاس اختیار نہیں کہ وہ استثنیٰ منظور کریں۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے 43 ارکین قومی اسمبلی کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا الیکشن کمیشن کا حکم معطل کرتے ہوئے 43 حلقوں میں ضمنی الیکشن تاحکم ثانی روک دیے۔ لاہور ہائی کورٹ نے اس حوالے سے جواب طلب کرنے کے لیے الیکشن کمیشن سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز بھی جاری کر دیے۔ ریاض فتیانہ سمیت پی ٹی آئی کے 43 ارکان اسمبلی نے استثنیٰ منظوری کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔ 2 فروری کو لاہور ہائی کورٹ نے تحریک انصاف کی جانب سے 43 ارکین قومی اسمبلی کے استثنیٰ منظور کرنے کے اقدام کے خلاف دائر درخواست سماعت کے لیے مقرر کی تھی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے اسپیکر کے 22 جنوری اور الیکشن کمیشن کے 25 جنوری کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کرتے ہوئے موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ارکان اسمبلی نے استثنیٰ منظور ہونے سے قبل ہی واپس لے لیے تھے۔ استثنیٰ واپس لینے کے بعد اسپیکر کے پاس اختیار نہیں کہ وہ استثنیٰ منظور کریں۔ ارکان اسمبلی کے استثنیٰ منظور کرنا خلاف قانون اور بدنیتی پر مبنی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

پارٹی کی شہید چیئرپرسن بے نظیر بھٹو قتل کیس کی اپیلیں لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ میں سماعت کیلئے مقرر کر لی گئی ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے تشکیل دیے گئے خصوصی ڈویژن بینچ میں جسٹس مرزا وقاص اور جسٹس چوہدری عبدالعزیز شامل ہیں جو 8 اپیلوں پر کل سماعت کریں گے۔ حکومت نے بے نظیر قتل کیس کے ملزمان کی بریت کے خلاف اپیل دائر کر رکھی ہے، جب کہ سزا کیخلاف پولیس افسران سعود عزیز، خرم شہزاد کی اپیل پر بھی سماعت ہوگی، دونوں پولیس افسران سعود عزیز اور خرم شہزاد ضمانت پر ہیں۔ دونوں کو 17، 17 سال قید اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی، ملزمان کی سزائیں بڑھانے کیلئے آصف زرداری کی اپیل بھی سنی جائے گی۔ عدالت کی جانب سے آصف زرداری، بری ہونے والے ملزمان، مرحوم سابق صدر جنرل (ر) پرویز مشرف اور سزا یافتہ پولیس افسران کو نوٹس جاری کر دیے گئے ہیں، پرویز مشرف اس کیس میں اشتہاری ہیں تاہم ان کی وفات کے بعد ان کے خلاف اپیل خارج ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

بیانیہ دینے کے معاملے پر شیخ رشید کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست کر دی، ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا شیخ رشید کی درخواست ضمانت پر آج جمعرات کو سماعت کریں گے۔ تفصیل کے مطابق شیخ رشید کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ پولیس کی معاونت سے پراسیکیوشن نے شیخ رشید پر جھوٹے الزامات لگائے، ہائیکورٹ کی جانب سے نوٹس معطل ہونے کے باوجود شیخ رشید کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا، شیخ رشید پر ایف آئی آر میں لگائی گئی دفعات عام شہری کی درخواست پر نہیں لگ سکتی۔ شیخ رشید کو صرف سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا۔ شیخ رشید کے خلاف پولیس نے اختیارات کا غلط استعمال کیا گیا، شیخ رشید اڈیالہ جیل میں قید ہیں مزید تفتیش کی ضرورت نہیں، عدالت شیخ رشید کی درخواست ضمانت منظور کرے اور ہائی کا حکم دے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان سے یومیہ 50 لاکھ ڈالرز افغانستان سمگل ہو رہے ہیں۔ پاکستانی روپے کی قدر 37 فیصد کم ہو چکی ہے۔ ناقص ایکسپورٹ، تجارتی پالیسیوں میں سقم اور منی لانڈرنگ میں ملوث افراد کو کھلی چھوٹ اس کی بڑی وجوہات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی نے 47 سالہ ریکارڈ توڑ ڈالا ہے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران جس طرح بے رحمانہ انداز میں اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کو بڑھایا گیا ہے، اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں 30 فیصد تک اور بجلی 52 فیصد تک مہنگی ہو چکی ہے۔ پٹرول کی قیمت میں مسلسل اضافہ، ملک بھر میں 80 فیصد پٹرول پمپس بند ہو چکے ہیں، حصول کی خاطر شہری خوار ہو رہے ہیں۔ ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں 62 فیصد تک اضافہ کر دیا ہے۔ حکمرانوں کی جانب سے ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے مدت پوری کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

میں خفیہ اطلاعات پر کیے گئے آپریشن کے دوران 12 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سکیورٹی فورسز نے لکی مروت میں انٹیلی جنس بنیاد پر ملنے والی اطلاعات پر آپریشن کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق سکیورٹی فورسز نے آپریشن 7 اور 8 فروری کی درمیانی شب کیا جب کہ دہشت گرد ایک گاڑی پر سوار ہو کر فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ مشتبہ بندی کے تحت دہشت گردوں کو فرار ہونے کے لیے ایک گاڑی فراہم کی گئی تھی تاہم سکیورٹی فورسز نے بروقت کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کی فرار ہونیکی کوشش کو ناکام بنا دیا، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور افغان کرنسی برآمد ہوئی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز علاقے میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے پیش نظر کلیئرنس آپریشن کر رہی ہیں۔ دہشت گردوں کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ پولیس کے مطابق دہشت گرد ٹانک کی طرف دہشت گرد کارروائی کے لیے جا رہے تھے۔ ہلاک دہشت گردوں نے دسمبر 2022 میں 6 پولیس اہلکار شہید کیے تھے، دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے اظہر الدین گروپ سے تھا۔ دہشت گردوں کی جانب سے آپریشن کے دوران راکٹ لانچر کا بھی استعمال کیا گیا، تاہم حملے میں سکیورٹی اہل کار محفوظ رہے۔ ہلاک ہونے والوں میں ٹی ٹی پی ٹیپو گروپ کا جنگجو حسن عرف ضرار بھی شامل ہے۔ دوسری جانب ڈیرہ اسماعیل خان کی پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام ہو گیا ہے۔ پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان 25 منٹ تک مقابلہ جاری رہا، تاہم کوئیک رسپانس فورس کے پہنچنے پر حملہ آور فرار ہو گئے، حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

خرم الیاس نے عالمی جریدے بلوم برگ کی اس رپورٹ پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان سے ڈالر سمگلنگ طالبان حکومت کی لائف لائن ہے تاجر اور دیگر افراد یومیہ 50 لاکھ ڈالر پاکستان سے لے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ناؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین سہیل اکبر، احسن منیر چاولہ وائس چیئرمین کے ہمراہ صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے افغانستان ڈالرز کا غیر قانونی بہاؤ افغانستان کی مدد کیلئے پاکستانی معیشت کیلئے مسائل بڑھا رہا ہے کیونکہ ملک میں ڈالر کی کمی سے روپے کی قیمت میں مسلسل کمی ہو رہی ہے اور ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے، ڈالر کی سے بینک ایل سی نہیں کھول رہے جس کے باعث 7000 کے قریب درآمدی کنٹینر بندرگاہ میں رکے ہوئے ہیں جن میں صنعتی شعبہ میں استعمال ہونے والا درآمدی میٹیریل بھی شامل ہے جس کے باعث صنعتی شعبہ مشکلات کا شکار ہے اور اکثر صنعتیں بند ہونے کے قریب ہیں جبکہ ڈالر کی کمی اور مہنگا ہونے اور درآمدی مال کی ایل سی نہ کھلنے سے ملک میں ہر شے دن بدن مہنگی ہوتی جا رہی ہے اور ملک میں مہنگائی کا طوفان بدتمیز برپا ہے جس سے صنعتی و تجارتی شعبہ کے ساتھ ساتھ سفید پوش اور غریب عوام بھی متاثر ہو رہی ہے۔ میاں خرم الیاس نے کہا کہ لاکھوں ڈالرز یومیہ افغانستان سمگلنگ سے افغانستان کی معیشت کو تقویت مل رہی ہے جبکہ پاکستانی معیشت کمزور ہو رہی ہے۔ پاکستان سے غیر قانونی جانے والے ڈالرز طالبان حکومت کی لائف لائن ہے ڈالر کی افغانستان غیر قانونی سمگلنگ کے باعث پاکستان میں ڈالر کی کمی اور اس دوران روپے کی قدر میں 37 فیصد سے زائد کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت افغانستان ڈالر کی غیر قانونی سمگلنگ کیلئے فوری اقدامات اٹھائے اور بندرگاہوں پر کے ہوئے درآمدی کنٹینرز کو فوری ریلیز کروائے تاکہ ملک میں اشیاء کی قلت کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

پیچھے کچھ اور لوگ ہیں، حکمران کو امن و امان نہیں صرف جاگیرداروں کو بچانے کی فکر ہے۔ چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی نے کہا کہ امپورٹڈ حکمران غریب عوام کی زندگی اجیرن بنا رہے ہیں، ملک دیوالیہ کے قریب پہنچ چکا۔ پی ڈی ایم بگھاں جتنا مرضی زور لگا لیں عمران خان، چوہدری پرویز الٰہی کو الگ نہیں کر سکتے حکمران الیکشن سے بھاگ نہیں سکتے انکو ایک عوامی عدالت میں پیش ہونا ہوگا انشاء اللہ پاکستان کے غیور عوام امپورٹڈ حکمرانوں کا محاسبہ کر دینگے۔ چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی نے کہا کہ چوہدری ظہور الٰہی شہید پر بھی سینکڑوں جھوٹے مقدمات درج ہوئے، جیل بھیجا گیا مگر جھکایا نہیں جا سکا۔ چوہدری وجاہت حسین کی سربراہی میں ضلع بھر میں کنونشن سو یوم ہوگا، مستقبل مسلم لیگ کا ہے اہل گجرات چوہدری صاحبان کیساتھ کھڑے ہیں۔ الیکشن کرانے کیلئے آنیوالے اپنے کام پر توجہ رکھیں، اکھاڑ پچھاڑ ان کا مینڈیٹ نہیں اہل گجرات کے دل چوہدری صاحبان کیساتھ دھڑکتے ہیں، وہی قیادت کرینگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

چوہدری نے راضی نامہ اکٹھ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاف کرنا اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور عاجزی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے ہم بھرے مجمع اور ہزاروں کی تعداد میں موجود معززین کے سامن بڑے کھلے اور صاف دل کے ساتھ غیر مشروط طور پر اللہ کی رضا اور نبی دو جہاں کے حکم کے مطابق اپنے مخالفین کو معاف کرتے ہیں ہمارا ان کے ساتھ آئندہ کوئی گلہ شکوہ شکایت نہیں انہوں نے جس صاف دل کے ساتھ معافی مانگی غلطی تسلیم کی ہم بھی انکو کھلے دل کے ساتھ معاف کرتے ہیں اور اللہ کریم کے حضور دعا گو ہیں کہ وہ ہم کو اور پہلہ برادران کو اس فیصلہ پر استقامت عطا فرمائے ہم اپنے خاندان اور علاقہ کیلئے خیر کا باعث بنیں یہاں پر تشریف لانیوالے تمام چیئرمین کونسلرز معززین علاقہ کے دلی طور پر شکر گزار ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

پاکستان کا معاون خصوصی مقرر کیا، بعدازاں چودھری عابد رضا کوٹلہ نے کہا کہ میں مسلم لیگ ن کا ادنیٰ سا کارکن ہونے پر فخر ہے، مجھے کسی حکومتی عہدے کی ضرورت نہیں، انہوں نے معاون خصوصی بننے سے معذرت کر لی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی نمائندہ ہوں خدمت خلق کے لیے کسی عہدے کی ضرورت نہیں انہوں نے کہا کہ سیاست خدمت خلق کا نام ہے، اپنی عوام اور ملک کی خدمت صاحب اقتدار کا مقدس فریضہ ہے، انتخابی سیاست میں آنے کا واحد مقصد علاقے کی عوام کی خدمت اور علاقے کی محرومیوں کا ازالہ ہے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا دور ہمیشہ سنہری رہا ہے، جس میں ملک کی ترقی سمیت غریب لوگوں کی خدمت شامل ہے، ن لیگ نے ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے جو آج تک کوئی بھی حکومت نہیں کروا سکی، گجرات کی عوام مسلم لیگ ن سے بے پناہ محبت کرتی ہے، اور انشاء اللہ آئندہ ہونے والے نئے انتخابات میں بھی پاکستان مسلم لیگ ن بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی، انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کو اپنے اقتدار کے سوا کچھ نظر نہیں آتا اپنی سیاست کے لیے نئی نسل کو گمراہ کر رہا ہے، آج ملک کو جن مشکل ترین حالات کا سامنا ہے یہ عمران نیازی اور ان کے حواریوں کے کرموں کا نتیجہ ہے، انشاء اللہ بہت جلد عوام کو ریلیف ملنے کا سلسلہ شروع ہوگا اور انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہی ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

ضلع گجرات کے تمام عہدیداران و کارکنان کو ہدایات کی کہ ضمنی الیکشن کے حوالے سے ڈور ٹو ڈور عوامی رابطہ مہم تیز کر دیں۔ حافظ شفیق آرزو قادری کا کہنا تھا کہ مرکزی امیر حافظ سعد حسین رضوی کی ہدایات پر تحریک لبیک پاکستان ضمنی الیکشن سمیت آئندہ آنیوالے صوبائی و قومی اسمبلی الیکشن میں بھی ضلع کے تمام حلقوں سے امیدواران میدان میں اتارے گی اس حوالے سے ہماری تیاریاں مکمل ہیں، انہوں نے کہا کہ تحریک لبیک کی قیادت ہی ملک کو تمام بحرانوں اور مسائل سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے انشاء اللہ اقتدار میں آ کر ملک میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ پر قانون سازی یقینی بنائیں گے اور ملک کو حقیقی معنوں میں ریاست مدینہ بنائیں گے، حافظ مرزا شفیق آرزو کا کہنا تھا کہ اہالیان ضلع گجرات نے تمام سیاسی جماعتوں اور سیاسی کرداروں کو آزما لیا اقتدار میں آنیوالوں نے ہمیشہ سہانے خواب دکھائے اور عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کے ساتھ انہیں تھانہ کچہری کی سیاست میں الجھا رکھا مگر تحریک لبیک پاکستان اپنے امیر حافظ سعد حسین رضوی کے حکم پر عوامی حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے انکے تمام حقوق دلیلز فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ حلقہ این اے 70 ضمنی الیکشن میں پی ڈی ایم، پی ٹی آئی و دیگر سیاسی جماعتوں کا ہر پلیٹ فارم پر بھرپور طریقے سے مقابلہ کریں گے۔ تحریک لبیک کے کارکنان عہدیداران اپنے امیدوار کی انتخابی مہم میں کامیابی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں۔ انشاء اللہ ضمنی الیکشن میں تحریک لبیک پاکستان ہی کامیاب ہوگی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

یقین دہانی کرائی۔ جبکہ چوہدری علی وڑائچ نے چوہدری امجد وڑائچ اور ساتھیوں کے ہمراہ چوہدری اشرف سکھیرا کے صاحبزادے چوہدری بلال سکھیرا کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ جبکہ چوہدری ارشد دوبلیہ کے صاحبزادے چوہدری وجاہت انور کے چچازاد بھائی کے ہمراہ چوہدری یاسر وڑائچ، چوہدری عزیز وڑائچ اور دیگر بھی تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

ظفر اقبال وڑائچ (شکھی شریف) نے کہا کہ سیاستدانوں سمیت ہم سب کو سیاسی و انتظامی کارروائیوں سے نہ صرف گریز کرنا چاہیے بلکہ کھلے دل سے ساتھ اچھے شہریوں کی فلاح کیلئے شروع کیے جانیوالے منصوبوں کو سراہنا چاہیے گجرات ڈویژن بننے سے اس ضلع کی حالت نہ صرف بدلے گی بلکہ لوگوں کو ڈیزیرٹل سرکاری دفاتر کے قیام سے سہولیات اپنے ہی ضلع میں میسر ہونگی۔ گجرات ڈویژن نوٹیفکیشن منسوخی کرانے والے گجرات کے عوام خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے دور اقتدار میں گجرات کی ترقی کیلئے گرانقدر خدمات انجام دیں جس انہیں بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

دینے کا اعلان کر دیا مخلہ منظور آباد میں سید فیض الحسن شاہ کی حمایت میں شاندار حمایتی اکٹھ۔ چوہدری منیر احمد نے برادری دھڑے سمیت مسلم لیگ ن کو چھوڑ کر باضابطہ پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ جٹ برادری کی سرکردہ شخصیات نے چوہدری منیر احمد کی ہاں میں ہاں ملا کر بھرپور ساتھ دینے کا اعلان کیا خصوصی کاوش سابق کونسلر چوہدری ساجد محمد ارسلان جاوید چوہدری جوائنٹ سیکرٹری پی ٹی آئی ڈنگہ uc 108 و ٹیم پی ٹی آئی ڈنگہ نے کی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

زمبرلان نے شرکت کی اجلاس میں تلاوت کی سعادت سینئر صحافی خالد مغل نے حاصل کی جبکہ تمام ممبران نے آقائے دو جہاں ﷺ پر درود پڑھا اجلاس میں سابق صدر نوید شہزاد مغل نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا اور سال 2023 کیلئے نئے عہدیداروں کے چناؤ کیلئے تجویز دی اجلاس میں سینئر صحافی نے صدر کیلئے ڈاکٹر غلام مصطفیٰ آذر، اور جنرل سیکرٹری کیلئے ایم مصنف شیراز کا نام تجویز کیا تمام ممبران نے دونوں ممبران پر بھرپور اظہار اعتماد کرتے ہوئے توثیق کر دی ممبران نے دونوں منتخب عہدیداروں کو اتفاق رائے سے منتخب کر لیا گیا اور ممبران نے دونوں کو مبارکباد دی اجلاس میں دیگر عہدیداروں کے چناؤ کیلئے صدر جنرل سیکرٹری کو مکمل اختیار دیا گیا اجلاس میں نوید شہزاد مغل، خالد مغل، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ آذر، محمد شبیر بلو، ایم مصنف شیراز، رانا احسن اقبال، رفاقت علی کالس، سلطان علی، طارق محمود مہر، ڈاکٹر یاسر اعجاز، ڈاکٹر افضال احمد مغل، عبدالمجید پپو، باؤ نوید احمد، عثمان اکبر سمیت دیگر نے شرکت کی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر گجرات ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر، چوہدری محمد فضائل اختر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل کھاریاں اور سلمان اکبر اسسٹنٹ کمشنر تحصیل کھاریاں اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسرز تعینات کر دیئے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن جاری۔ پولنگ 19 مارچ 2023 کو ہوگی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

''کے لیے پارٹی ٹکٹ پر الیکشن لڑنے والے امیدوار گرفتاریاں نہیں دیں گے۔ تحریک انصاف کے ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے امیدوار اپنی انتخابی مہم پر توجہ دیں گے۔ اس حوالے سے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کو فیصلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

لالہ موسیٰ پریس کلب لالہ موسیٰ جمیل احمد طاہر۔ نائب صدر درواڑ ویلفیئر آرگنائزیشن ضلع گجرات چوہدری اعجاز احمد درواڑ لنڈ پور۔ قاری وحید شہزاد سیالوی۔ عثمان عزیز قادری سمیت سینکڑوں افراد شریک ہیں۔ زاہد علی۔ کاشف علی قوال اور ہمنوا نے قوالی پیش کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کر دی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

چوہان رنیاں آف فرانس کی کاوشوں سے حاجی محمد اعظم گجر برادرز نے پہلہ برادران کو فی سبیل اللہ معاف کر دیا راضی نامہ اکٹھ میں ہزاروں معززین علاقہ کی شرکت حاجی چوہدری محمد اعظم گجر ڈیرہ دھکڑ میں منعقدہ راضی نامہ اکٹھ میں دونوں فریقین کے معززین اور ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اکٹھ میں پہلہ برادران نے معززین کے سامنے مدعی پارٹی سے اپنی غلطی کی معافی طلب کی جس پر مدعی پارٹی کی طرف سے حاجی محمد اعظم، چوہدری بنارس کرانیوالہ نے معززین کی موجودگی میں ملزم پارٹی پہلہ برادران کو فی سبیل اللہ معاف کرنے کا اعلان کیا تو پنڈال تالیوں سے گونج اٹھا معززین نے چوہدری محمد اعظم اینڈ برادرز اور اور انکے خاندان کے تمام افراد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا چوہدری اعجاز احمد رنیاں امیدوار صوبائی اسمبلی، راجہ ذوالقرنین حیدر چیئرمین اسلام آباد نے خطاب میں دونوں فریقین کا شکریہ ادا کیا اور دونوں فریقین میں راضی نامہ کروانا مسلمان بھائیوں کی آپس کی رنجش لڑائی کو ختم کروانے کا بڑا اجر ہے غلطی پر معافی مانگنے والا اور غلطی کی معافی دینے والوں کا اجر بہت زیادہ ہے ہم چوہدری محمد اعظم، چوہدری محمد الیاس گجر، چوہدری غلام احمد گجر، چوہدری نور احمد گجر، چوہدری بنارس گجر کرانیوالہ، چوہدری ناظم گجر امریکہ، چوہدری کاظم شہزاد، چوہدری تیمور اعظم، چوہدری حسنین اعظم، چوہدری منہاس گجر، چوہدری وقاص گجر، چوہدری ارتضیٰ، چوہدری مرتضیٰ، چوہدری عباس سمیت ان تمام افراد کے دلی شکر گزار ہیں جنہوں نے اللہ کی رضا کی خاطر دوسرے فریق کو غیر مشروط فی سبیل اللہ معاف کیا اللہ کریم ان کو اجر عظیم عطا فرمائے اکٹھ میں شریک نمایاں شخصیات میں سید حبیب حیدر کلیوال سیدان، چوہدری محمد خالد سابق ناظم چاٹی چک، چوہدری سجاد احمد لالہ موسیٰ، چوہدری غفار احمد لالہ موسیٰ، چوہدری سجاد چیئرمین حاجی محمد، چوہدری ذیشان موجیانوالہ، چوہدری عمران سیال دھکڑ امیدوار صوبائی اسمبلی، چوہدری شیر احمد دھکڑ، راجہ کامران عادل، راجہ امجد محمود، راجہ حسنین، چوہدری خضر حیات بانیاں، میاں کامران اویس بیکانوالہ، چوہدری ساجد احمد، چوہدری اسحاق سیال، چوہدری وحید سیال، چوہدری کاشف سیال، چوہدری ضیاء محی الدین لالہ موسیٰ، چوہدری محمد اختر دھکڑ سابق کونسلر، چوہدری سجاد دن، چوہدری جاوید دن، چوہدری فرمان دن، عمران لیاقت، ڈاکٹر بلال، چوہدری لیاقت علی شیر اسماعیلہ، چوہدری منظور احمد۔ سہا چیئرمین بھاؤ گھمیٹ پور، محمد اویس، چوہدری کاشف سیال، چوہدری طارق گجر، چوہدری احمد حسن گجر سب انسپکٹر، عمیر احمد پنجاب پولیس، عمران الیاس بنی چنیاں، فوجی محمد اسلم گجر، حاجی غضنفر بنی چنیاں، حاجی اور نگزیب، راجہ عمران، چوہدری احسان گجر، راجہ مناظر حسین، شہباز احمد دھکڑ، عاشر علی، سید عبداللہ جہلم، علی حسنین، میاں ارشاد چٹن، حافظ محمد کلیل بھاؤ گھمیٹ پور، میاں عبدالمجید چٹن، چوہدری آصف علی، قاری ارشد ضلعہ، چوہدری نذیر احمد دلانوالہ، چوہدری امجد علی چوہان دلانوالہ، چوہدری خالد محمود، چوہدری عاشر علی، چوہدری مشتاق احمد نورجمال، ماجد عدالت بٹ سابق وائس چیئرمین ڈنگہ، چوہدری خالد ڈھلیان، پرویز مغل، شاہد تنویر فورمین، مشفوذار، حافظ محمد منشاء چوہدری، چوہدری ذوہیب، چوہدری شنار، چوہدری فیاض، چوہدری ثاقب، چوہدری کاشف، چوہدری وقار، چوہدری اسعلی، میاں محمد اقبال بیکانوالہ، حاجی محمد صدیق بیکانوالہ، چوہدری نعمان شیخ رنیاں، چوہدری علی ایڈووکیٹ رنیاں، چوہدری بنارس گجر رنیاں، چوہدری فیاض احمد فرانس، میاں عرفان احمد دھکڑ، چوہدری محمد اشرف دھکڑ، چوہدری وقاص گجر موجیانوالہ، چوہدری ندیم گجر موجیانوالہ، ملک حبیب احمد لاہور، ملک شعیب احمد لاہور، محمد فیضان فیصل آباد، ملک عدیل اعوان فیصل آباد، ملک شریز اعوان، محمد عابد، رانا حمزہ راولپنڈی، راجہ ارسلان راولپنڈی، چوہدری رزاق کھوکھر، ڈاکٹر وحید رزاق، خالد مغل، عبدالمجید پپو سمیت لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

از کم ان سٹورز کا وزٹ کر کے کم آمدن والے خریداروں کی رائے تولیں نہ آتا ہے نہ تھی ہم کہاں جائیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ وسائل عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ہیں الحمد اللہ سنگ دھڑے کے ساتھ پوری طاقت سے کھڑے، یونین کونسل چیچیاں شمس کو ترقیاتی کاموں کے لحاظ سے ماڈل بنا رہے ہیں ہمارے خاندان کا ہر فرد عوامی فلاح و بہبود کیلئے مصروف عمل ہے، انشاء اللہ عام آدمی کے مسائل کے حل کیلئے کسی اقدام سے گریز نہ کریں گے انشاء اللہ عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیشہ متحرک رہیں گے اور ہمارے دروازے ہر خاص و عام کے لیے کھلے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

سیاسی و سماجی و کاروباری شخصیت محمد یونس نے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ہم مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے برادر اسلامی ملک کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور حکومت سے پر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ترکیہ حکومت اور عوام کے لیے ہر ممکن امداد فراہم کی جائے اور اس کارخیر میں عوام بھی اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ وہاں پر پریشان حال اپنے اسلامی بھائیوں کی پریشانیاں کم ہو سکیں انہوں نے مزید کہا کہ ہم تباہ کن زلزلے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا گو ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

سے خصوصی ملاقات۔ انہوں صدر گلیانہ پریس کلب صدق عزیز چوہدری کو مسلسل تیسری مرتبہ بلا مقابلہ صدر پریس کلب منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نمبردار چوہدری شعیب وڑائچ نے گلیانہ پریس کلب کی تعمیر و ترقی اور علاقائی مسائل کو اجاگر کرنے میں صدر گلیانہ پریس کلب صدق چوہدری کیکر دار کو سراہتے ہوئے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادل ؟ خیال کیا گیا۔ صدر گلیانہ پریس کلب صدق عزیز چوہدری اور شہباز حاشی نے دفتر پبلک کی آواز کھاریاں تشریف آوری پر معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

سیاستدان ہیں وہ حلقہ کے عوام کی بہتر انداز میں خدمت کر سکتے ہیں، چوہدری اعجاز مہدی نے کہا کہ ہمیں بات سے کوئی سروکار نہیں نوابزادگان کسی پارٹی میں ہمارا تعلق ہمارا سنگ دھڑا نوابزادگان ہے ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ان کی کامیابی کے لئے یونین کونسل بارہ سے انتخابی مہم جاری کئے ہوئے ہیں انشاء اللہ آمدہ الیکشن میں نوابزادگان کو یونین کونسل بارہ سمیت حلقہ بھر سے بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

دلوں کی آواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دونوں راجہاؤں کی الیکشن مہم اپنی سمجھ کر چلائیں گے اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

جان، چوہدری حبیب باڈ کی والدہ ماجدہ جو کہ گذشتہ دو روز قبل قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں تھیں مرحومہ مغفورہ کی روح کو ایصال ثواب کیلئے ختم قل/ اجتماعی دعا ان کی رہائش گاہ موضع رگڑہ میں منعقد ہوئی اس موقع پر قرآن خوانی و نعت خوانی کا خصوصی اہتمام کیا گیا تھا علامہ مولانا قاری تنویر احمد قادری، علامہ مولانا قاری غلام رسول باڈ کے ایمان افروز خطاب فرمایا اور اجتماعی دعا کروائی اجتماعی دعا میں علاقہ بھر سے ممتاز سماجی و سیاسی رہنماؤں مذہبی تعلیمی کاروباری و صحافتی حلقوں سمیت مختلف شعبائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجتماعی دعا میں شرکت کرنے والی نمایاں شخصیات میں سید علی حیدر، حاجی چوہدری لیاقت علی ڈھو، چوہدری افتخار احمد ڈھو، چوہدری عثمان چوہان سربالی خورد، چوہدری اظہر حسین کھوڑی، ڈاکٹر نذر حسین کھوڑی، سابق وائس چیئرمین چوہدری محمد اشرف پنچ، انجینئر چوہدری غلام عباس، چیئرمین چوہدری قمر احمد رگڑہ، ڈاکٹر چوہدری محمد الیاس رگڑہ، الحاج چوہدری غضنفر علی رگڑہ، چوہدری عبدالغفار گجر بڈیلہ شریف، سابق امیدوار وائس چیئرمین ملک کلیل احمد، مہر ندیم اقبال اعوان، چوہدری اختر گجر، چوہدری علی شان بھٹی، چوہدری عنایت رسول ٹانڈہ، چوہدری محمد سلیم باڈ کہ، چوہدری عمران سلیم باڈ کہ، چوہدری محمد خاں باڈ کہ، حافظ اسد علی، چوہدری عمران وارث جٹ سرخ پور، چوہدری طارق عرف چنا گجر، چوہدری محمد افضل دلانہ، ملک گلزار احمد، چوہدری محمد اشرف وڑائچ، حاجی امانت علی، حاجی چوہدری محمد یعقوب بڈیلہ شریف، چوہدری محمد شہباز باڈ کہ، چوہدری عدنان باڈ کہ، حاجی طارق محمود رگڑہ، چوہدری امتیاز احمد رگڑہ،

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری ذیشان یونس، چوہدری کاشف، چوہدری شاویز گونا، حاجی وارث بدوبھٹی کے ڈیرہ پر ملاقاتیں کررہے ہیں

ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ، چوہدری لیاقت، ماسٹر بہادر خاں کیلئے دعائے مغفرت کررہے ہیں

نوابزادہ حیدر مہدی، چوہدری نوید بہادر شاہ پور، چوہدری خلیل پرویز شاہ پور کیساتھ ملاقات کے موقع پر

چوہدری شافع حسین سے حاجی سرفراز احمد وڑائچ لاہور میں ملاقات کررہے ہیں

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

جانب سے انتخاب کی تاریخ نہ دینے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں سابق وزراء راجہ بشارت، باؤ رضوان، حافظ ممتاز اور مسلم لیگی رہنما زین بھٹی بھی مشاورتی ملاقات میں شریک تھے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ وفاقی حکومت، نگران سیٹ اپ اور گورنر ز آئین سے کھیل رہے ہیں، آئین سے انحراف کرنے والے آئین شکنی کے مرتکب ہوں گے، پی ڈی ایم کا ٹولہ انتخاب میں عمران خان کا سیاسی میدان میں مقابلہ کرنے سے خوفزدہ ہے، آج سیاسی مخالفین کو لاپتہ کیا جارہا ہے یا جھوٹے مقدمات میں گرفتار کروایا جارہا ہے، عامر سعیدراں کو ایک ہفتہ لاپتہ رکھا گیا، سیکرٹری اسمبلی محمد خان بھٹی ابھی تک لاپتہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی نام نہاد گورننس نے ملکی معیشت تباہ کر دی، شہباز شریف صرف غیر ملکی دوروں کے شوقین ہیں، شہباز شریف کی شوبازیاں ایکسپوز ہورہی ہیں، شہباز شریف نے تاریخ کی سب سے بڑی کابینہ کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے، شہباز شریف دنیا سے بھیک مانگ کر دوزرا پورا رہے ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی نے مزید کہا کہ نگران حکومت الیکشن کروانے کی بجائے سیاسی مخالفین کو دیوار سے لگانے میں مصروف ہے، اڈھائی ماہ کے نگران مہمان اپنی آئینی حدود میں رہیں ورنہ قانون ان کے خلاف راستہ بنائے گا، نگران حکومت الیکشن کروانے کی بجائے ہر وہ کام کر رہی ہے جو اُن کا مینڈیٹ ہی نہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

انصاف، سابق وزیراعظم عمران خان نے گجرات میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی رہائش گاہ پر پولیس کے بے درپے چھاپوں، انکے حامیوں اور ساتھیوں کے اغواء اور بلاجواز گرفتاریوں کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ سب اپوزیشن سرکار اور اسکے سرپرستوں کی جانب سے ہمارے حامیوں کو خوفزدہ کرنے کے لئے روا رکھی جانیوالی نئی فسطائیت ہے ہمارے تمام کارکنان وساتھی ایسے اوچھے ہتھکنڈوں کا ہر سطح پر مقابلہ کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

کے ذریعے دائر کی گئی مونس الٰہی کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر جسٹس طارق سلیم شیخ نے سماعت کی۔ عدالت نے 15 فروری تک مونس الٰہی کو گرفتار کرنے سے روک دیا۔ چوہدری مونس الٰہی نے درخواست میں موقف اختیار کیا کہ پولیس نے مسلم لیگ ن کے رہنما کے گھر پر فائرنگ کا جھوٹا مقدمہ درج کیا، مجھے خدشہ ہے گجرات پولیس گرفتار کرلے گی۔ چوہدری مونس الٰہی سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین کے صاحبزادے اور این اے 62 گجرات سے پاکستان مسلم لیگ کے امیدوار ہیں۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ ن لیگی رہنما نے مونس الٰہی خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمہ درج کروایا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

ہیں دونوں ادوار میں بنائے جانیوالے مقدموں میں کیا فرق ہے؟ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک فرق تو یہ ہے کہ اب بندہ غائب ہوجاتا ہے پھر ہفتے دس دن بعد آتا ہے اور پھر ایف آئی آر ہوتی ہے مگر ہم ایسے کسی ہتھکنڈے سے گھبرانے والے نہیں، عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

کائرہ نے ڈیرہ کائرہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک انصاف ہمیشہ سہاروں کی سیاست سے اقتدار میں رہتی رہی ہے۔ عمران خان کو اقتدار کا نشہ ہے۔ اقتدار کے نشہ سے لطف اندوز ہونا اور اتار چڑھاؤ سے گزرنا دو مختلف چیزیں ہیں۔ انہیں جیلوں کی عادت نہیں ہے۔ حلقہ این اے 70 سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا فیصلہ پی ڈی ایم اتحاد کرے گا۔ کوئی بھی حکومت الیکشن کے سال میں مشکل فیصلے نہیں کرتی۔ آج اگر حکومت وقت تلخ فیصلے کررہی ہے تو وہ فیصلے اسی وجہ سے ہیں کہ ملک کو بچایا جاسکے۔ کسی بھی حکومت کو یہ شوق نہیں ہوتا کہ وہ مشکل ترین فیصلے کرکے عوام کی زندگیوں میں تکلیفیں بھردے اور اس کے بعد ان کے دروازے پر ووٹ مانگنے بھی جائے۔ ہم سب کو اس بات کا بہت دکھ ہے کہ عام آدمی کی زندگی اس وقت بہت مشکل ہے، ہر شخص مہنگائی سے متاثر ہوا ہے۔ ہمیں آئی ایم ایف کی شرائط اس لیے ماننا پڑ رہی ہیں کیونکہ ہم سے پچھلی حکومت نے آئی ایم ایف کے کیے گئے معاہدہ سے انحراف کیا۔ عمران خان کے کیے ہوئے معاہدے پر اگر پی ڈی ایم اتحاد عمل نہ کرتا تو پاکستان کو اس کا ناقابل بیان حد تک نقصان ہوتا۔ امید ہے کہ اب پاکستان بہتری کی راہ پر چلے گا۔ بغیر کسی وجہ سے کسی کی رہائش گاہ پر چھاپے مارنا مناسب نہیں ہے، اس عمل کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

دیہات کا دورہ، مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی، شادی تقریبات میں شرکت، عمائدین علاقہ کے ساتھ ملاقاتیں، بزرگ ساتھیوں کی خیریت دریافت کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر چوہدری ذیشان یونس ٹاٹہ، چوہدری کاشف محمود، چوہدری شاویز گونا ہمراہ تھے۔ تفصیلات کے مطابق نوابزادہ حیدر مہدی نے یونین کونسل سرخ پور کے گاؤں رگڑہ میں صوبیدار قربانی ڈوگی کے والد کی وفات پر فوجی محمد نواز رگڑہ کی بشیرہ کی وفات پران کی رہائشگاہوں پر جا کر اظہار تعزیت کیا اور مرحومین کے بلندی درجات کے لئے دعائے مغفرت کی، بعدازاں نوابزادہ حیدر مہدی نے چوہدری اشرف پیٹھ، ڈاکٹر الیاس رگڑہ کی رہائشگاہوں پر عمائدین کے ساتھ ملاقاتیں، الیکشن کے حوالے سے مشاورت کی اور لائحہ عمل طے کیا گیا، اس موقع پر چوہدری وارث بدوبھٹی، چوہدری وارث ٹاٹہ، ٹھیکیدار محمد اشفاق، ٹھیکیدار عبدالرزاق، چوہدری اعظم مدن، ٹھیکیدار محمد انور بھی موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

درجن کے قریب دیہاتوں کا دورہ کیا، مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا انہوں نے گاؤں شاہ پور، بوڑا، خانووال، بھلیسر، نوشہرہ خواجگان، کڑیانوالہ، ٹاٹہ، بھاگووال، قلعہ اسلام نگر، بھروال کا تعزیتی دورہ کیا اور مختلف مقامات پر فاتحہ خوانی اور عمائدین سے ملاقاتیں کیں اس موقع پر مسلم لیگی راہنما چوہدری لیاقت علی شاہ پور، چوہدری شاہد نعیم ارشد موٹا، سابق چیئرمین سینٹ صفدر وڑائچ کسوکی، چوہدری شیراز الحق بدھن، حاجی مرزا عزیز بیگ، آصف وڑائچ ودیگر بھی موجود تھے، ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ نے گاؤں بوڑا میں چوہدری احمد ندیم گجر کے والد کی وفات پر، شاہ پور میں ماسٹر بہادر خاں کی وفات پر، بھلیسر میں چوہدری شہباز کے چچا کی وفات پر، کڑیانوالہ میں عید خان کی ہمشیرہ کی وفات پر، قلعہ اسلام نگر میں جواں سالہ محمد عاصم کی وفات پر الٰہی رہائشگاہوں پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار افسوس کیا ڈاکٹر چوہدری شاہنواز اجنالہ نے چوہدری طالب حسین کی رہائشگاہ پر جا کر انکے صاحبزادوں کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر پیار کیا دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر چوہدری لیاقت عنایت، چوہدری مشتاق، چوہدری معراج موجود تھے، انہوں نے چوہدری مہدی خان چوہدری یاسر ساڈھو افریقہ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، چوہدری عاصم امتیاز سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی چوہدری باؤ گوندل سے ان کے ڈیرہ پر ملاقات کی، بھروال میں چوہدری نذیر بھروال، چوہدری ظہیر بھروال سے ملاقات کی چوہدری منیر ریڈز، چوہدری زمان ریڈز آصف اکبر بھروال، تاثیر بھروال، چوہدری ناصر اجنالہ، ملک ناصر اعوان شریف، محمد آصف اعوان شریف، ملک فراست رانجھا اعوان، ملک اسد اعوان، یاسر محمود بھٹی، بابر خان بیگ، بلی اکبر پیرزادہ، ملک طاہر حمزہ، صوبیدار صداقت ڈھنڈہ، چوہدری ناصر بہرام، تاثر شاہ میانہ چک، معظم علی اجنالہ، انعام اللہ حاجی والا، ملک زین ملک پور، چوہدری زمان چوہان، ملک سفیان، احسان اللہ گجر ودیگر موجود تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

قضائے الٰہی سے انتقال کرگئیں جن کی نماز جنازہ آج مورخہ 9 فروری بروز جمعرات کو صبح 10 بجے بگلی گھر والے قبرستان سرگودھا روڈ میں ادا کی جائیگی تمام دوست احباب سے شرکت کی استدعا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

کے راہنما وسابق مشیر وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری اشرف ریحانیہ نے گزشتہ روز چوہدری عثمان منظور دھدرا کے گھر جا کر ان کے بہنوئی کی وفات پر اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ہم چوہدری منظور حسین دھدرا چوہدری عثمان منظور دھدرا اور ان کی فیملی کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

، پرچیز کمیٹی کی رپورٹ، سابقہ کارروائی کی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری جاوید بٹ، ایم ایس عزیز بھٹی شہید ہسپتال ڈاکٹر عابد غوری، سرپرست اعلیٰ چوہدری سلیم اختر، خادم حسین سلیمی، چوہدری امتیاز، شیخ شوکت فاروق ڈی ایم ایس ڈاکٹر آصف، ٹھیکیدار لیاقت علی، ملک محمد حسین اعوان، چوہدری اشفاق، میاں افضل خالد، روبینہ ساجد، نگہت اقبال قریشی، خادم علی خادم، نزہت یاسمین و دیگر نے شرکت کی۔ جنرل سیکرٹری جاوید بٹ نے ماہانہ کارروائی کی رپورٹ پڑھ کر سنائی جس کی ہاؤس نے توثیق کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ماہ جنوری میں 54068 مریضوں کو 5 لاکھ، 64 ہزار، 987 روپے کی مفت ادویات دی گئیں۔ جبکہ ٹوٹل اخراجات 7 لاکھ، 6 ہزار، 282 روپے ہوئے۔ اجلاس میں پرچیز کمیٹی نے بھی اپنی رپورٹ پیش کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

لاہور میں ملاقات کی الیکشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے چوہدری شجاعت حسین کو مسلم لیگ ق کا صدر برقرار رکھنے کے فیصلہ کو خوش آئند قرار دیکر مبارکباد دی اور انہیں اپنی طرف سے مکمل حمایت کا یقین دلایا حاجی سرفراز احمد وڑائچ نے کہا ہے کہ گجرات کی سیاست میں چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری سالک حسین اور چوہدری چوہدری شافع حسین جس سیٹ سے بھی الیکشن لڑینگے ہم انکی مکمل حمایت کرینگے اور انکی کامیابی کیلئے اپنے بھرپور وسائل کو بھی بروئے کار لائینگے چوہدری شجاعت حسین وضع دار' اچھے اخلاق کے مالک ہیں انکے صاحبزادے بھی اپنے والد کی طرز پر سیاست کررہے ہیں عوام کی خدمت اور تابعداری انکا مشن ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

شاف سے الحاج افضل کوٹلی کی قیادت میں پی ٹی آئی کے نظریاتی لیڈرز سید قصور شاہ حلقہ پی پی 32، چوہدری وقاص احمد حلقہ پی پی 28، چوہدری خاور شہزاد کمالی ڈھوڈا حلقہ پی پی 31، نوید الیاس ضلعی صدر انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن گجرات، راجہ کوثر ضلعی جنرل سیکرٹری خواتین ونگ پی ٹی آئی نے لاہور میں زمان پارک میں ملاقات کی اور اہم امور پر تبادلہ خیالات کیا اور عمران خان پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم عمران خان کے نظریاتی سپاہی ہیں ان کی ہر کال پر لبیک کہیں گے اور ان کی زیر قیادت ملکی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے الحاج افضل کوٹلی نے کہا کہ نظریاتی ورکرز کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے کبھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا اور نہ آئندہ کریں گے انشاء اللہ عمران خان کے ویژن کے تحت کرپٹ سسٹم کے خلاف پوری قوت سے کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے پی ٹی آئی کے نظریاتی ورکرز کے ساتھ ہیں سید قصور شاہ نے کہا کہ ایک نظریہ کے تحت پی ٹی آئی میں آئے تھے اور اس نظریہ پر پوری طاقت سے کھڑے ہیں انشاء اللہ ملکی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

الٰہی پر جھوٹے مقدمات کا اندراج نگران حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئی ہے نگران حکومت آئین کے مطابق الیکشن کروانے کی بجائے انتقامی کاروائیوں کے ذریعے لوگوں کو ڈرا دھمکا رہی ہیں ایسے اقدامات سے قیادت سمیت کسی بھی مسلم لیگی ورکرو کو دبایا نہیں جاسکتا بلکہ انکے حوصلے بلند ہیں مرزا یونس قمر نے کہا ہے کہ چوہدری پرویز الٰہی' چوہدری مونس الٰہی نے گجرات میں اربوں روپے کے کام کروائے ہیں گجرات ڈویژن انکا بہترین اور عظیم کارنامہ ہے گجرات کی عوام بخوبی آگاہ ہیں کہ کس نے گجرات کے عوام کی خدمت کی ہے مرزا یونس قمر نے کہا ہے کہ قیادت کے ہر فیصلے کیساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں ہمارے ارادے حوصلے بلند ہیں انشاء اللہ چٹان کی طرح ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

لاری اڈہ انجم شہزاد اور دیگر ملازمین پر مشتمل پولیس ٹیم نے جدید سائنسی ٹیکنالوجی کی مدد سے گجرات سمیت مختلف اضلاع میں کار چوری کی وارداتوں میں ملوث تین الاضلاعی گینگ گرفتار کرلیا۔ گرفتار ہونے والے ملزمان میں 1۔ مشرف صابر ولد صابر حسین سکنہ نکانہ (سرغنہ گینگ) 2۔ محمد عمران ولد حبیب احمد سکنہ سمندری فیصل آباد 3۔ نوید مرتضیٰ ولد غلام مرتضیٰ شامل ہیں جنہوں نے دوران انٹیروگیشن انکشاف کیا کہ انہوں نے ماسٹر چابی تیار کر رکھی ہے جبکہ جدید آلات کی مدد سے گاڑی میں لگا ٹریکنگ سسٹم بھی ناکارہ بنا دیتے تھے۔ گاڑی چوری کرنے کے بعد وہ اسے مختلف اضلاع میں سستے داموں فروخت کر دیتے تھے۔ گرفتار ملزمان نے گجرات سمیت متعدد اضلاع میں گاڑی چوری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ ملزمان کے قبضہ سے 1 کروڑ روپے مالیت کی 5 عدد کاریں برآمد ہوئیں۔ جن کی مزید تحقیق جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات سید اسد مظفر نے گینگ ٹریس کرنے والی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام سے بھی نوازا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

بھائی کی وفات پر ممتاز شخصیات نے بارہ دری ہاؤس جا کر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کی۔ فاتحہ خوانی کرنے والوں میں چوہدری اظہر حسین (نیٹز انڈسٹری) چوہدری رضوان دلمدار' حاجی ناصر محمود سابق ایم پی اے' ثوبان ظہیر بٹ' حاجی عدنان واحد فین' چوہدری علی حسن' چوہدری صفدر وڑائچ' وقاص مہلہ ایڈووکیٹ' چوہدری اصغر پسوال' چوہدری شہریار بھدر' چوہدری عدنان افتخار گریٹ مارکی' فرقان ایوب (یونس فین) میاں عابد ودیگر شامل ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

پٹرول کی شدید قلت برقرار گجرات شہر و گردونواح کے درجنوں پٹرول پمپ بند جس کی وجہ سے شہریوں کو پٹرول کی دستیابی کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اکا دکا پٹرول پمپ پر صرف اور صرف موٹر سائیکل سوار کو ایک سو روپے اور گاڑیوں میں 500 روپے کا پٹرول دیا جارہا ہے۔ پٹرول پمپوں پر شہریوں کی لمبی قطاریں عوام رل گئے۔ پٹرول ڈالنے پر لڑائی جھگڑے کے واقعات بھی رونما ہوئے ہیں۔ اکثر پمپ مالکان پمپ بند کر کے چلے گئے اس بارے پٹرول ڈیلرز کا کہنا ہے کہ آئل کمپنیوں کی طرف سے پٹرول فراہم نہیں کیا جارہا ہے تو وہ کہاں سے پٹرول فراہم کریں۔ رواں ہفتے پٹرول کی مزید قلتیں بڑھنے کا امکان ہے جس کے باعث پٹرول پمپ مالکان نے پٹرول دینے کے سلسلہ کو بند کر دیا جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا اٹھانا پڑا انہیں روز مرہ معمولات کی ادائیگی کے علاوہ سکول کالجز، یونیورسٹی کیلئے پرائیویٹ گاڑیوں پر منہ مانگے کرائے دیکر سفر کیا جارہا ہے دوسرے جانب سے مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر لگائے گئے کھلے پٹرول کے اڈوں پر موجودہ قیمت سے زیادہ وصولی کی جارہی ہے۔ شہریوں نے ڈی سی گجرات سے پر زور مطالبہ کا ہے کہ گجرات شہر و گردونواح کے روٹ پر سرائز وزٹ کریں اور شہریوں کو ریلیف فراہم کریں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شبر حقیق تھے۔ سالانہ سپورٹس گالا جامعہ گجرات کی درخشندہ علمی وتہذیبی روایات کا ایک اہم حصہ ہے جس کا مقصد طلباء و طالبات میں کھیلوں کی اہمیت واقادیت کے شعور کو اُجاگر کرتے ہوئے ان کی شخصیت وکردار سازی میں معاونت کرنا ہے۔ افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک، نعت رسول مقبولؐ اور قومی ترانہ سے ہوا۔ پروفیسر ڈاکٹر شبر حقیق نے کہا کہ کھیل سماجی شعور کو بیدار کرتے ہوئے امن، اعتدال اور توازن کے علمبردار ہیں۔ کھیلوں کے ذریعے باہمی تعاون اور دوستانہ ماحول کی فضا کو پروان چڑھاتے ہوئے برداشت و توازن کے رویوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ جامعہ گجرات میں سپورٹس کلچر کا فروغ ایک اہم قومی خدمت ہے۔ کھیل جیسی مثبت سرگرمیاں سودمند نتائج کی حامل ہیں۔ ڈاکٹر شبر حقیق نے فضا میں غبارے چھوڑتے ہوئے سپورٹس گالا کے باقاعدہ آغاز کا عندیہ دیا۔ کھیلوں میں شرکت کرنے والے طلباء وطالبات سے قواعد وضوابط کی پیروی اور نظم وضبط برقرار رکھنے کا حلف لیا گیا۔ انچارج UOG سپورٹس بورڈ ڈاکٹر وسیم ممتاز نے جامعہ گجرات میں کھیلوں کے فروغ کے حوالہ سے کہا کہ کھیل جسمانی استعداد کے بہترین اظہار کا نام ہے۔ کھیل طلبہ کی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہوئے ٹیم ورک کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ کھیل ہماری روزمرہ زندگی کو نظم وضبط کا پابند بناتے ہیں۔ قبل ازیں جامعہ گجرات کے مختلف شعبہ جات اور سٹی کیمپسوں کے طلباء و طالبات پر مشتمل ٹیموں نے مختلف رنگ پہنے ہوئے ہاتھوں میں قومی پرچم اور جامعہ گجرات کا جھنڈا اُٹھائے مہمان خصوصی کے سامنے انتہائی خوبصورت انداز میں قطار بندی کی۔ بعدازاں دوڑوں کے مقابلہ جات، جمناسٹک کے مظاہروں اور رسہ کشی کے مقابلوں میں طلبہ نے اپنی کارکردگی کے جوہر دکھائے 400,200 اور 800 میٹر ریس مقابلوں کے فائنل اور ٹرپل جمپ کے فائنل کا انعقاد بھی ہوا۔ اس موقع پر طلبہ ٹیموں نے PT ڈراور ملی نغمے بھی پیش کیے۔ افتتاحی تقریب کی خصوصی سرگرمی وائس چانسلر ایلومن اور رجسٹرار ایلومن کے مابین ایک دوستانہ کرکٹ میچ کا انعقاد تھا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانان اعزاز میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد مشاہد انور، مختلف فیکلٹیوں کے ڈین، انتظامی شعبوں کے ڈائریکٹران، صدور و چیئرپرسن شعبہ جات، اساتذہ، اور انتظامیہ کے اراکین شامل تھے۔ یاد رہے کہ جامعہ گجرات کے سپورٹس گالا کے انعقاد کے سلسلہ میں گذشتہ کئی دنوں سے مین سپورٹس گراؤنڈ میں مختلف کھیلوں کرکٹ، پیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، سنوکر، شطرنج، رسہ کشی اور اتھلیٹکس کے مقابلہ جات جاری ہیں۔ سپورٹس گالا کے اختتام پر مختلف مقابلوں میں جیتنے والوں ٹیموں اور انفرادی سطح پر بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو ایک شاندار تقریب میں انعامات سے نوازا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خاں بھٹی کی بلاجواز گرفتاری کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ چوہدری عثمان احمد وڑائچ نے کہا کہ چوہدری صاحبان کی قیادت میں محمد خاں بھٹی کیساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ نگران و پی ڈی ایم اوچھے ہتھکنڈوں سے باز رہیں۔ جھوٹے مقدمات سے چوہدری صاحبان ومحمد خاں بھٹی کو جھکایا نہیں جاسکتا۔ یاد رکھیں کہ آپ کی حکومت صرف اور صرف ڈیڑھ دو ماہ کی ہے انتقامی کارروائیاں کرنے والوں سے پورا پورا حساب لیا جائیگا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

گہرا تعلق ہے صحافی ہمیشہ اکانومی اور انڈسٹری کے درپیش مسائل کو اعلیٰ حکام اور لوگوں تک پہنچاتے ہیں ہم اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں اور دیتے رہیں گے مسائل کو حل کرنے کیلئے پالیسی میکرز کو صحافیوں، پالیسی ہولڈرز کو شامل کرنا چاہیے تاکہ مسائل کے حل کیلئے بہتر پالیسیز بن سکیں جس سے مسائل حل ہونے میں مدد مل سکے گجرات پریس کلب سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے آئندہ بھی گجرات کی بزنس کمیونٹی اور عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کو اعلیٰ ایوانوں تک پہنچائیں گے موجودہ صورتحال سے نکلنے کیلئے بھی ہمیں آپس میں بات چیت جاری رکھنی ہوگی تاکہ جلد سے جلد ان مسائل سے نکلا جاسکے بشارت لودھی نے کہا کہ گجرات شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کے مکمل ہونے کے بعد دیکھیں گے کونسے ان کاموں سے کونسے مسائل حل ہوئے ہیں اور کونسے باقی رہتے ہیں گجرات شہر میں بیوٹیفکیشن کے حوالے سے بھی کوئی عملی کام نہیں ہورہا ہے یہاں ٹریفک، ناجائز تجاوزات، صفائی کا مسئلہ مستقل ایشو ہے ہمیں چاہیے کہ گجرات پریس کلب، گجرات چیمبر آف کامرس اور گجرات بار ایسوسی ایشن مل کر اس پر بھی کام کریں تاکہ گجرات کے شہریوں کے یہ دیرینہ مسائل کو حل کیا جاسکے گجرات کی عوام مسائل کو حل کروانے میں گجرات پریس کلب ہر فورم پر ان کی آواز بنے گا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

آف کامرس آمد کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر آف کامرس اور گجرات پریس کلب کا گہرا تعلق ہے ہمیں گجرات کی بزنس کمیونٹی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے مل کر چلنا ہوگا تاکہ ہم ان کے مسائل کو حل کروانے میں مددگار ثابت ہوں ہمیں اس کے علاوہ گجرات کے لیے مثبت چیزوں اور حل کی طرف بھی سوچنا اور کام کرنا ہوگا ترقیاتی کاموں کے حوالے سے کیا ہورہا ہے اس پر بھی توجہ دینی ہوگی گجرات چیمبر آف کامرس، گجرات پریس کلب اور گجرات بار ایسوسی ایشن نے سابقہ دور میں بھی ایک دوسرے کے ساتھ مل کر عوامی مسائل کو حل کروانے کی بھرپور کوشش کی ہے اور ہمیں آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رکھنا چاہیے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

پروفیسر ڈاکٹر شبر حقیق تھے۔ سالانہ سپورٹس گالا جامعہ گجرات کی درخشندہ علمی وتہذیبی روایات کا ایک اہم حصہ ہے جس کا مقصد طلباء و طالبات میں کھیلوں کی اہمیت واقادیت کے شعور کو اُجاگر کرتے ہوئے ان کی شخصیت وکردار سازی میں معاونت کرنا ہے۔ افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک، نعت رسول مقبولؐ اور قومی ترانہ سے ہوا۔ پروفیسر ڈاکٹر شبر حقیق نے کہا کہ کھیل سماجی شعور کو

